CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعۃ المبارک، 12 جون 2026ء، 26 ذوالحج 1447ھ (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 162

اداروں کی بے توقیری کسی صورت برداشت نہیں، وزیر دفاع

نظام اور پارلیمنٹ کے احترام کو ہمیشہ مقدم رکھا گیا ہے اور کبھی بھی سیاسی مفادات کیلئے ریاستی اداروں کو داؤ پر نہیں لگایا گیا

احتجاج ہر سیاسی جماعت کا حق ہے لیکن ریاستی اداروں کی بے توقیری کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی اور ایوان کا تقدس برقرار رکھنا ضروری ہے

گزشتہ دو سال سے ایوان کی کارروائی کا مرکز ایک مخصوص سیاسی رہنما رہا ہے جبکہ بعض اراکین ایوانی کارروائی میں حصہ نہیں لیتے اور اداروں کو نشانہ بنایا جاتا ہے

شخصیات عارضی ہیں اور آنے والی نسلیں آگے بڑھیں گی، اس لیے سیاسی رویوں میں بہتری لانا ضروری ہے اور کوئی بھی اداروں کو نقصان نہیں پہنچا سکتا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ لیڈر کی رہائی کے لیے احتجاج کرنا ہر سیاسی جماعت کا حق ہے، تاہم کسی بھی صورت میں ریاستی اداروں کو بے توقیر نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ موجودہ نظام اور ایوان کے تقدس کو کبھی بھی داؤ پر نہیں لگایا گیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ وہ نواز شریف کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتے، تاہم سابق وزرائے اعظم آصف علی زرداری، نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز سمیت دیگر رہنما بھی مختلف ادوار میں سزائیں بھگت چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ سوا دو سال سے ایوان کی کارروائی کا مرکز صرف ایک سیاسی رہنما رہا ہے، جبکہ بعض عناصر ایوانی کارروائی میں بھی حصہ نہیں (بقیہ نمبر 1)



آزاد کشمیر حکومت کا بڑا فیصلہ، احتجاجی مقدمات کی رعایتیں واپس

مظفر آباد (نیوز ڈیسک) آزاد کشمیر حکومت نے احتجاجی مقدمات سے متعلق دی گئی سابقہ رعایتیں واپس لینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق آزاد کشمیر حکومت کی جانب سے اس اہم فیصلے کے تحت 177 ایف (بقیہ نمبر 14)

پاک فوج کے شہید جری جوانوں کی نماز جنازہ ادا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان آرمی ایوی ایشن کے ایم آئی-17 ہیلی کاپٹر کے دوران پرواز حادثے میں شہید ہونے والے افسران اور جوانوں کی نمازِ جنازہ ادا کر دی گئی ہے۔ شہداء کی نمازِ جنازہ میں قائم مقام صدر و وزیر (بقیہ نمبر 13)

ملک بھر میں ایل پی جی مافیا بے لگام، گیس کی قیمتیں آسمان پر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک بھر میں ایل پی جی مافیا بے لگام ہو گیا ہے اور گیس سرکاری نرخ سے تقریباً 200 روپے فی کلو زائد قیمت پر فروخت کی جا رہی ہے۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان (بقیہ نمبر 12)

غزہ جنگ: اسرائیل کو 885 ملین ڈالر کے اسلحہ فراہمی کا انکشاف، امریکہ اور بھارت بڑے سپلائر

غزہ جنگ کے دوران عالمی اسلحہ سپلائی نیٹ ورک نے اسرائیل کی فوجی کارروائیوں میں اہم کردار ادا کیا ہے

رپورٹ کے مطابق امریکہ اور بھارت سب سے بڑے اسلحہ فراہم کنندگان میں شامل ہیں جو تشویش کا باعث ہے

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی ایک تفصیلی تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اکتوبر 2023 سے اکتوبر 2025 کے دوران 51 ممالک نے اسرائیل کو مجموعی طور پر 885-6 ملین ڈالر مالیت کا فوجی ساز و سامان فراہم کیا۔ رپورٹ کے مطابق غزہ میں جاری فوجی کارروائیوں کے تسلسل میں عالمی اسلحہ سپلائی نیٹ ورک نے کلیدی کردار ادا کیا۔ تحقیق میں سب سے تشویشناک پہلو یہ سامنے آیا کہ اسرائیل کو فراہم کیے جانے والے اس فوجی سامان کا تقریباً 91 فیصد حصہ اس وقت ارسال کیا گیا جب بین الاقوامی عدالت انصاف نے (بقیہ نمبر 10)

اقتصادی سروے 2025-26 جاری، اہم انکشافات سامنے

زیادہ شعبوں میں اہداف ناکام، شرح نمو 3.7 فیصد رہی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پورے سال کی مالی کارکردگی پر مبنی اقتصادی سروے جاری کر دیا، حکومت کئی شعبوں میں اہم معاشی اہداف کے حصول میں ناکام رہی۔ قومی اقتصادی سروے پیش کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ اقتصادی سروے پورے مالی سال کی کارکردگی بیان کرتا ہے، رواں مالی سال کے پہلے ماہ میں غیر یقینی صورتحال کا سامنا تھا اور مون سون کی بارشوں کی وجہ سے معیشت متاثر ہوئی جب کہ امریکا کی جانب سے دنیا (بقیہ نمبر 11)

دہشتگردوں سے اہلخانہ کی لاتعلقی، فتنہ الہندوستان کو بڑا جھٹکا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں سے انکے اہلخانہ بھی کھلے عام نفرت اور لاتعلقی کا اظہار کر رہے ہیں۔ گوادر سے تعلق رکھنے والے علی بلوچ اور شیر محمد نے فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے وا (بقیہ نمبر 2)

مقامی اسپتال کی نرس سے گینگ ریپ اور نازیبا ویڈیو بنانے کا مقدمہ درج

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) مقامی اسپتال کی نرس سے گینگ ریپ اور ویڈیو بنانے پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مقدمہ تھانہ دھمیال میں متاثرہ نرس کی مدعیت میں (بقیہ نمبر 4)

انفلوئنسر سے کروڑوں کا فراڈ، گرفتار ملزم کی ضمانت پر فیصلہ محفوظ

کراچی (نیوز ڈیسک) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں سوشل میڈیا انفلوئنسر ڈاکٹر مدیحہ سے پراپرٹی کے نام پر مبینہ فراڈ کے مقدمے میں گرفتار ملزم احمد علی کی درخواستِ ضمانت پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ (بقیہ نمبر 5)

امداد بند: غزہ میں انسانی بحران مزید سنگین

غزہ میں انسانی امداد کی بندش سے خوراک، ادویات، صاف پانی کی شدید قلت بڑھ گئی ہے، لاکھوں شہری بنیادی ضروریات سے محروم ہو کر سنگین انسانی بحران کا شکار ہیں

اسرائیلی پابندیوں کے باعث سترہ ہزار فلسطینی مریض بیرون ملک علاج سے محروم ہیں، رفح کراسنگ بندش نے صحت نظام کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے

غزہ (نیوز ڈیسک) اسرائیل کی جانب سے غزہ میں انسانی امداد کی ترسیل روکنے، ہزاروں مریضوں کو علاج کیلئے بیرون ملک جانے سے محروم رکھنے اور فلسطینی قیدیوں کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے انکشافات کے بعد غزہ کا انسانی بحران مزید سنگین صورت اختیار کر گیا ہے، جبکہ عالمی اداروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اسرائیلی اخبار اسرائیل ہیوم کے مطابق اسرائیل نے غزہ میں انسانی امداد کے داخلے کو معطل کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں خوراک، ادویات، صاف پانی اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت کا سامنا کرنے والے لاکھوں فلسطینیوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ امدادی اداروں نے خبردار کیا ہے کہ امدادی سامان کی بندش سے غذائی قلت، بیماریوں کے پھیلا (بقیہ نمبر 16)

ایران کا اردن میں امریکی اڈے پر حملہ

پاسداران انقلاب نے بارہ بیلسٹک میزائلوں سے لڑاکا طیارے تباہ کرنے کا دعویٰ کیا

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے اردن میں الازرق ایئر بیس کو 12 بیلسٹک میزائل سے نشانہ بنایا جہاں امریکی F-35، F-16 اور F-15 لڑاکا طیارے تعینات تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسداران انقلاب نے کہا کہ (بقیہ نمبر 9)

بجٹ میں غیر قانونی سگریٹ کے خاتمے کا فیصلہ

فنانس بل دو ہزار چھبیس کے تحت ٹیکس کا نیا نظام متعارف کرایا جائے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ملک میں غیر قانونی سگریٹوں کے بڑھتے ہوئے کاروبار پر قابو پانے کے لیے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں اہم اقدام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق فنانس بل 2026 کے ذریعے سگریٹوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی (ایف (بقیہ نمبر 8)

مہمند میں افغان خارجی ہلاک، دہشتگردی کے ثبوت سامنے

سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں ہلاک دہشتگرد کے پاس سے افغان امارتی شناختی کارڈ برآمد ہوا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں دہشتگردی کے پیچھے فتنہ الخوارج اور افغانستان کے درمیان روابط * کے مزید شواہد ایک بار پھر منظر عام پر آ گئے جب کہ مہمند کے علاقے شیخ بانڈہ میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی میں 2 جہنم واصل ہونے والے خوارجیوں (بقیہ نمبر 7)

چین میں دھماکا، سات افراد ہلاک اور سترہ زخمی

جنوب مغربی علاقے گوانگسی میں حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئیں

چین (نیوز ڈیسک) ایک حالیہ دھماکے 7 افراد اور 17 زخمی ہو چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین کے جنوب مغربی علاقے گوانگسی میں علی الصبح ایک دھماکے میں سات افراد ہلا (بقیہ نمبر 6)

درآمدات میں کمی لانا ہماری ترجیح ہے: احسن اقبال

معاشی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، ماضی کی غلطیوں سے سیکھ کر پائیدار معیشت بنانا ہوگی

پالیسیوں میں عدم تسلسل سے ملک کو نقصان ہوا، اب مثبت سوچ اور مستقل حکمت عملی اپنانا ضروری ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ درآمدات میں کمی لانا ہماری ترجیح ہے۔ قومی اقتصادی سروے کے دوران وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا تھا کہ معاشی ترقی کیلئے سیاسی استحکام اشد ضروری ہے، ہمیں ماضی سے سیکھتے ہوئے معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنا ہے، اگر حکومت اچھا پرفارم کر رہی ہو تو اسے موقع ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں نقصان صرف پالیسیوں میں عدم تسلسل کی وجہ سے ہوا ہے، ہمیں مثبت سوچ کے ساتھ آگے (بقیہ نمبر 40)

مونال ریسٹورنٹ بندش کیس، وفاقی حکومت نے فیصلے پر نظر ثانی کی حمایت کر دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت میں مونال ریسٹورنٹ کی بندش کیخلاف سی ڈی اے کی نظر ثانی درخواست پر وفاقی حکومت نے مونال ریسٹورنٹ مسمار کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کی حمایت کر دی۔ جسٹس حسن رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت (بقیہ نمبر 39)

بھارت میں شوہر کے تشدد سے خاتون کا آٹھ ماہ کا حمل ضائع

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) بھارتی ریاست اتراکھنڈ میں شوہر کے تشدد کی وجہ سے خاتون کا 8 ماہ کا حمل ضائع ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی پولیس حکام نے بتایا کہ خاتون کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے بچے کی قبل از پیدائش موت کی تصدیق کی (بقیہ نمبر 37)

قومی اسمبلی نے ٹیلی کام ترمیمی بل منظور

اپیلیٹ ٹریبونل عمر حد سمیت اہم ترامیم کثرت رائے منظور ہوئیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن ترمیمی بل 2025ء منظور کر لیا۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے بل ایوان میں پیش کیا، حکومتی رکن ہما اختر چغتائی کی جانب سے پیش کردہ ترمیم بھی کثرتِ رائے سے منظور کر لی گئی، تاہم حکو (بقیہ نمبر 15)

مونال ریسٹورنٹ کیس، عدالت نے درخواست مسترد کر دی

سپریم کورٹ فیصلے پر سوالات اٹھے، سماعت جولائی تک ملتوی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے مونال ریسٹورنٹ فوری کھولنے کی استدعا مسترد کر دی۔ مونال ریسٹورنٹ کی بندش کیخلاف سی ڈی اے کی نظر ثانی درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس حسن رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی، وفاقی حکومت نے (بقیہ نمبر 17)

اکنامک سروے 2025-26 وزیر خزانہ نے پیش کر دیا

معاشی اہداف مکمل نہ ہو سکے، سروے آج جاری ہوگا ہے

اسلام آباد: (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اکنامک سروے آف پاکستان 2025-26ء وزیر اعظم شہباز شریف کو پیش کر دیا۔ اسلام آباد میں وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ملاقا (بقیہ نمبر 18)

اقوام متحدہ رپورٹ میں پاکستان مؤقف تائید

افغانستان میں دہشت گرد گروہ سرگرم، سکیورٹی صورتحال سنگین قرار رپورٹ

نیویارک (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ نے افغانستان میں دہشت گردوں کی موجودگی کے پاکستانی مؤقف کی تائید کر دی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے افغانستان کی صورت حال پر سہ ماہی رپورٹ سلامتی کونسل میں پیش کی جس میں افغانستان میں (بقیہ نمبر 19)

ٹرمپ کا دعویٰ، ایران جلد بمباری رکوانا چاہتا ہے

ایران کی رابطے کی تردید، بیان جنگ سے بچنے کی کوشش



واشنگٹن: (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران پر بمباری جلد ہی روک دی جائے گی، ایرانی رہنماؤں نے بمباری بند کرنے کا کہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا ایرانی حکام کے (بقیہ نمبر 20)

سولر پینلز، سٹیشنری پر ٹیکس اضافہ مسترد

سٹاک مارکیٹ ٹیکس برقرار، برآمد کنندگان کیلئے ریلیف کا امکان موجود

اسلام آباد: (ویب ڈیسک) آئندہ مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ میں سولر پینلز، سٹیشنری اشیا اور سٹاک مارکیٹ پر عائد ٹیکسوں میں کسی قسم کی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سولر پینلز پر سیلز ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی میں فحش ویب گینگ گرفتار، بڑا کریک ڈاؤن

11 افراد گرفتار، موبائل، لیپ ٹاپ، اسلحہ بھی برآمد ہوا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) رواں پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے فحش ویب سائٹس پر آن لائن لائیو اسٹریمنگ کے ذریعے نازیبا ویڈیوز شیئر کرنے والے ایک مبینہ گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران 11 ملکی و غیر ملکی افراد کو حراست میں لیا گیا، (بقیہ نمبر 22)

ایران کا جوابی وار، امریکی اڈے نشانے پر

اردن، کویت، بحرین میں حملے، ہرمز بندش کا دعویٰ

تہران، واشنگٹن: (ویب ڈیسک) امریکا کی جانب سے آج صبح ایران پر مزید حملوں کے بعد ایران نے اردن، کویت اور بحرین میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایران پر آج صبح مزید حملوں کے بعد کارروائی روکنے کا اعلان کیا ہے، تہران کے مہر آباد ایئر پورٹ، کرج شہر، ابیق اور قزوین میں دھماکے سنے گئے۔ دوسری جانب ایران (بقیہ نمبر 23)

ایف بی آر ٹیکس وصولیوں میں بڑا اضافہ

جون 2025 میں ایف بی آر ریونیو 9.4 بلین ڈالر تک پہنچا اور مزید اضافہ متوقع ہے

ڈالر ایکسچینج ریٹ بہتر ہونے سے سیلز ٹیکس میں کمی اور معاشی استحکام کی امید ظاہر کی گئی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ سال 2025-26 کے دوران ٹیکس وصولیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ قومی اقتصادی سروے پیش کرنے کی تقریب کے دوران گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ نیب نے پرانی پراپرٹیز کی تفصیلات فراہم کیں۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ہم نے گروتھ اور ڈالر ایکسچینج ریٹ کا تخمینہ کیا، ایکسچینج ریٹ بہتر ہو تو سیلز ٹیکس کم ہو سکتا ہے، جون 2024 میں ایف بی آر نے 6.32 بلین ڈالر ر (بقیہ نمبر 32)

لاپتا افراد کا بیانیہ جھوٹ ثابت، عسکریت پسندوں کا چہرہ بے نقاب

کوئٹہ: (ویب ڈیسک) کالعدم بی ایل اے کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہو گیا، لاپتا افراد کی آڑ میں کئی نوجوان دہشت گردی میں ملوث نکلے۔ بلوچستان میں لاپتا افراد کے مسئلے پر جاری بحث کے دوران سکیورٹی ذرائع اور حکومتی حکام کی جانب سے بار بار یہ مؤقف سامنے (بقیہ نمبر 29)

دہشتگردوں اور افغان رجیم کا گٹھ جوڑ بے نقاب، مزید شواہد سامنے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے فتنہ الخوارج اور افغانستان کے درمیان روابط کے مزید شواہد ایک بار پھر منظر عام پر آ گئے۔ سکیورٹی فورسز نے مہمند کے پہاڑی علاقے شیخ بانڈہ میں کامیاب کارروائی میں 2 خوارجیوں کو جہنم واصل کر دیا، (بقیہ نمبر 30)

شدید گرمی میں نکسیر پھوٹنے کی وجوہات اور اس کا درست طبی طریقہ

لاہور (نیوز ڈیسک) موسم گرما کے آغاز کے ساتھ ہی جہاں دیگر طبی مسائل میں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے، وہیں ناک سے خون بہنے یعنی نکسیر پھوٹنے کی شکایت بھی عام ہو جاتی ہے۔ شدید گرمی اور تپتی دھوپ میں اچانک ناک سے خون آنے پر اکثر افراد گھبراہٹ کا (بقیہ نمبر 31)

ایران کے فضائی حملے کا بحرین کا دعویٰ، ملبہ گرنے سے ایک بچی زخمی

تہران (نیوز ڈیسک) بحرین نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کی جانب سے کیے گئے حملوں کے نتیجے میں ایک 11 سالہ بچی معمولی زخمی ہو گئی جبکہ متعدد گھروں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ بحرینی وزارت داخلہ کے مطابق ایرانی حملوں کے دوران فضائی دفاعی نظام نے (بقیہ نمبر 28)

سابق وزراء کی حکومت پر سخت تنقید، معاشی کارکردگی مایوس کن قرار

فواد چوہدری اور اسد عمر نے بجٹ اور معیشت کی تباہی پر شدید احتجاج کیا



لاہور (نیوز ڈیسک) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری اور سابق وزیر خزانہ اسد عمر نے حکومت پر سخت تنقید کی ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ بھارت آبی جارحیت کر رہا ہے جس کا حکومت نے جواب نہیں دیا۔ ہمیں (بقیہ نمبر 27)

توانائی بچت مہم: کریانہ سٹورز کے اوقات کار رات 10 بجے تک بڑھانے کا فیصلہ

توانائی بچت مہم کے تحت کریانہ سٹورز کے اوقات کار رات دس بجے تک بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس میں کفایت شعاری اقدامات اور مختلف وزارتوں کی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) توانائی بچت مہم کے دوران کریانہ سٹورز کے اوقات بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت فیول کنزرویشن اور اضافی کفایت شعاری اقدامات کی نگرانی اور عملدرآمد سے متعلق کمیٹی کا اجلاس (بقیہ نمبر 26)

حکومت پنجاب کا بڑا فیصلہ، محرم الحرام کے دوران صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ

لاہور (نیوز ڈیسک) حکومت پنجاب نے محرم الحرام سکیورٹی کے پیش نظر صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی۔ پنجاب بھر میں یکم سے 10 محرم تک دفعہ 144 نافذ رہے گی۔ مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار اور آتش گیر مواد کی نمائش پر پابندی ہوگی۔ عوامی جذبات، عقیدوں اور فرقوں کو مجروح کرنے والے اشتعال انگیز نعروں اور اشاروں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ سوشل (بقیہ نمبر 24)

وفاقی وزیر کا بڑا اعلان، شادی سے قبل تھیلیسیمیا ٹیسٹ لازمی قرار

مصطفیٰ کمال نے جینیٹک پالیسی اور بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ پر گہری تشویش کا اظہار کیا

کراچی (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ہر بیماری میں ہم نمبر ون بننے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے جینیٹک پالیسی کے حوالے سے پریس کانفرنس کی جس میں انہوں نے کہا کہ نئی ٹیکنالوجی اور رپورٹس پر پاکستان کو اہمیت دینا ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ 2030 میں چوتھی بڑی پاپولیشن بننے جا رہے ہیں۔ اکنامک کرائسز ہے اتنے بڑے ڈیزیز بڑن کو کوئی ملک (بقیہ نمبر 25)

ماحولیاتی تحفظ مذہبی و قومی ذمہ داری

گرین جرنلزم ماحول دوست صحافت کے فروغ کا مؤثر ذریعہ ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ قومی ذمے داری کے ساتھ مذہبی فریضہ بھی ہے۔ 'گرین جرنلزم' کے عنوان سے منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ گرین جرنلزم ماحولیاتی (بقیہ نمبر 38)

سپریم کورٹ عمران خان حق دفاع بحال

ہتک عزت کیس میں ٹرائل کورٹ کارروائی آگے بڑھانے کی ہدایت



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بانی پی ٹی عمران خان اور وزیر اعظم شہباز شریف کے درمیان ہتک عزت کیس میں سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کا حق دفاع بحال کر دیا۔ سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کا حق دفاع بحال کرنے کی نظر ثانی اپیل دو ججز کی اکثریت سے منظور کر لی جبکہ ایک جج (بقیہ نمبر 36)

خطے میں کشیدگی نے متاثر کیا، اثرات اگلے سال تک رہیں گے: وزیر خزانہ

مشرق وسطیٰ کی صورتحال نے عالمی معیشت کو متاثر کیا پاکستان بھی اس کے اثرات سے متاثر ہوا ہے

ٹارگٹڈ سبسڈی کا سلسلہ جاری ہے اور صوبائی حکومتوں نے معاشی پالیسیوں میں حکومت کا ساتھ دیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایران امریکہ کشیدگی ختم بھی ہو جائے تو اس کے معیشت پر پڑنے والے اثرات اگلے سال تک رہیں گے۔ بدھ کو چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت اجلاس میں وزیر خزانہ نے سینیٹ اجلاس میں (بقیہ نمبر 35)

وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ، کراچی میں زیر تعمیر رہائشی رائز بلڈنگ روکنے کی استدعا مسترد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت میں کراچی میں کمرشل زمین کو رہائشی پلاٹ میں تبدیل کرنے سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران گلشن فیصل کوآپریٹو سوسائٹی میں زیر تعمیر رہائشی رائز بلڈنگ کی تعمیر روکنے کی استدعا مسترد کر دی گئی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت میں نسلہ ٹاور مسمار کرنے کا بھی تذکرہ کیا وکیل نے کہا گلشن فیصل میں دو ہزار گز کا (بقیہ نمبر 34)

صنم سعید کا ٹرولنگ پر دوٹوک ردعمل

خوبصورتی کے معیار پر گفتگو، خود اعتمادی کا اظہار کیا ہے

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی باصلاحیت اور ورسٹائل اداکارہ صنم سعید نے سوشل میڈیا پر اپنی شکل و صورت اور حلیے پر ہونے والی تنقید کا بالآخر جواب دے دیا ہے۔ حال ہی میں صنم سعید نے عاصم یار کے شو اسٹار اینڈ اسٹائل سیزن 5 میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور سوشل میڈیا ٹرولنگ سے متعلق کھل کر گفتگو کی۔ شو کے دوران میزبان نے سوال کیا کہ انہیں کبھی سوشل میڈیا پر منفی تبصروں یا ٹرولنگ کا (بقیہ نمبر 33)

12 جون: محنت کش بچوں کا عالمی دن

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ہر سال 12 جون کو دنیا بھر میں محنت کش بچوں کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن کا مقصد دنیا کی توجہ ان کروڑوں بچوں کی طرف مبذول کروانا ہے جو کھیلنے، سیکھنے اور اپنے خوابوں کی تعبیر تلاش کرنے کے بجائے کارخانوں، ورکشاپوں، کھیتوں، بھٹوں، ہوٹلوں، گھریلو ملازمتوں اور دیگر مشقت طلب کاموں میں مصروف ہیں۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ بچپن محض عمر کا ایک مرحلہ نہیں بلکہ زندگی کی بنیاد ہے، اور جب کسی بچے سے اس کا بچپن چھین لیا جائے تو درحقیقت اس کے مستقبل کے امکانات بھی محدود ہو جاتے ہیں۔ یہ دن بچوں سے ان کا بچپن چھین لینے والی محرومیوں کے خلاف ایک عہد کے طور پر منایا جاتا ہے کہ ان محرومیوں کو دور کر کے بچوں کو ان کا بچپن لوٹانے کی کوشش کی جائے گی۔ محنت کش بچوں کے عالمی دن کا آغاز 2002 میں بین الاقوامی ادارۂ محنت (ILO) نے کیا تھا تاکہ دنیا بھر میں چائلڈ لیبر کے مسئلے پر شعور اجاگر کیا جا سکے اور اس کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششوں کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ دن اقوام متحدہ کے رکن ممالک سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں منایا جاتا ہے اور حکومتیں، غیر سرکاری تنظیمیں، تعلیمی ادارے اور سماجی کارکن مختلف تقریبات اور مہمات کے ذریعے چائلڈ لیبر کے مسئلے کو اجاگر کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے جدید دور میں بھی چائلڈ لیبر ایک سنگین عالمی مسئلہ ہے۔ آئی ایل او اور یونیسیف کی تازہ ترین عالمی رپورٹ کے مطابق 2024 میں دنیا بھر میں تقریباً 13 کروڑ 80 لاکھ بچے مزدوری کر رہے تھے، جن میں سے 5 کروڑ 40 لاکھ بچے خطرناک نوعیت کے کاموں یا مزدوری میں مصروف تھے جو ان کی صحت، تعلیم اور زندگی کے لیے نقصان دہ ہیں۔ اگرچہ 2020 کے مقابلے میں صورتحال میں کچھ بہتری آئی ہے، تاہم دنیا 2025 تک چائلڈ لیبر کے خاتمے کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے۔ پاکستان بھی اس مسئلے سے بری طرح متاثر ہے۔ ملک میں چائلڈ لیبر کے بارے میں مستند اعداد و شمار کی کمی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ تاہم سرکاری اور بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق ہمارے ہاں لاکھوں بچے مختلف شعبوں میں مزدوری کر رہے ہیں۔ اینٹوں کے بھٹے، زرعی شعبہ، ورکشاپیں، گھریلو ملازمتیں، چھوٹی صنعتیں اور ہوٹل ایسے شعبے ہیں جہاں کم عمر بچوں کی بڑی تعداد کام کرتی دکھائی دیتی ہے اور یہ سب ہماری آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے شہروں اور دیہات میں چائے کے ڈھابوں، مکینک شاپس اور بازاروں میں کام کرتے بچے اس تلخ حقیقت کی روزانہ یاد دہانی کراتے ہیں۔ پاکستان میں چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے مختلف قوانین موجود ہیں۔ وفاق اور صوبوں نے کم عمری میں مزدوری، جبری مشقت اور خطرناک کاموں میں بچوں کی ملازمت کے خلاف قوانین بنائے ہیں۔ حکومتیں وقتاً فوقتاً دعویٰ کرتی ہیں کہ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، مگر زمینی حقائق بتاتے ہیں کہ قانون سازی اور اس پر عملدرآمد کے درمیان اب بھی بڑا فاصلہ موجود ہے۔ چھاپوں، آگاہی مہمات اور چند نمایاں کارروائیوں کے باوجود چائلڈ لیبر مکمل طور پر ختم نہیں ہو سکی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ سب رسمی کارروائیاں ہوتی ہیں۔ جس ملک میں غربت کی شرح عالمی بینک کے نئے بین الاقوامی معیار کے مطابق 7.44 فیصد تک پہنچ چکی ہو۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے والے خاندانوں کی تعداد ایک کروڑ سے تجاوز کر چکی ہو اور مہنگائی کی رفتار کو گزشتہ چند سالوں سے پر لگے ہوئے ہوں وہاں چائلڈ لیبر کا خاتمہ آسان کام نہیں ہے۔ اس سلسلے میں غیر سرکاری تنظیموں اور فلاحی اداروں کا کردار بھی قابلِ ذکر ہے۔ ہمارے ملک میں کئی این جی اوز بچوں کی تعلیم، بحالی، قانونی معاونت اور والدین کی معاشی مدد کے منصوبوں پر کام کر رہی ہیں۔ ان اداروں نے ہزاروں بچوں کو مزدوری سے نکال کر دوبارہ سکولوں میں داخل کروانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ تاہم مسئلے کی وسعت اتنی زیادہ ہے کہ صرف غیر سرکاری تنظیمیں اسے حل نہیں کر سکتیں، اس کے لیے ریاست، معاشرے اور نجی شعبے کی مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں۔ چائلڈ لیبر کی سب سے بڑی وجہ غربت ہے۔ جب گھر کا چولہا جلانا مشکل ہو جائے تو والدین اکثر مجبوری کے تحت بچوں کو کام پر بھیج دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ بے روزگاری، مہنگائی، تعلیم کی ناقص سہولیات، سکول چھوڑنے کی بلند شرح، آبادی میں تیز رفتار اضافہ، سماجی بے حسی اور قوانین پر کمزور عملدرآمد بھی اس مسئلے کو بڑھاتے ہیں۔ بعض علاقوں میں تو بچوں کی مزدوری کو معمول کی بات سمجھا جاتا ہے، جو اس مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا دیتی ہے۔ اگر واقعی چائلڈ لیبر کا خاتمہ مطلوب ہے تو صرف نعروں اور تقریبات سے کام نہیں چلے گا۔ سب سے پہلے ہر بچے کے لیے معیاری اور مفت تعلیم کو یقینی بنانا ہوگا۔ غریب خاندانوں کے لیے سماجی تحفظ کے پروگراموں کو مؤثر بنانا ہوگا تاکہ والدین اپنے بچوں کو مزدوری کے بجائے سکول بھیج سکیں۔ فنی تعلیم، وظائف، سکول میل پروگرام، بچوں کے لیے ٹرانسپورٹ سہولیات اور غریب خاندانوں کی مالی معاونت جیسے اقدامات مثبت نتائج دے سکتے ہیں۔ اسی طرح چائلڈ لیبر سے متعلق قوانین پر سختی سے عملدرآمد اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی بھی ضروری ہے۔ البتہ اس کارروائی سے پہلے درج بالا سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا بھی لازمی ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ چائلڈ لیبر صرف حکومتی مسئلہ نہیں بلکہ ایک سماجی رویہ بھی ہے۔ جب ہم سستے مزدور کے طور پر کسی بچے سے کام لیتے ہیں تو دراصل اس مسئلے کو زندہ رکھنے میں اپنا حصہ ڈال رہے ہوتے ہیں۔ ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو مزدوری پر رکھنے کے بجائے ان کی تعلیم اور تربیت کی حوصلہ افزائی کرے۔ 12 جون کا دن محض ایک عالمی دن نہیں بلکہ ایک سوال ہے کہ کیا ہم اپنے بچوں کو کتاب، قلم اور خواب دینا چاہتے ہیں یا اوزار، مشقت اور محرومی ان کا مقدر کرنا چاہتے ہیں؟ کسی بھی قوم کا مستقبل اس کے بچوں سے وابستہ ہوتا ہے۔ اگر بچے سکولوں کے بجائے مزدوری پر مجبور ہوں تو ترقی کے خواب ادھورے رہ جاتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاست، معاشرہ، والدین، اساتذہ، میڈیا اور نجی شعبہ مل کر ایسا پاکستان تعمیر کریں جہاں ہر بچہ سکول جا سکے، محفوظ ماحول میں پروان چڑھے اور اپنے خوابوں کی تعبیر حاصل کر سکے۔ کیونکہ بچے مزدور نہیں، قوم کا مستقبل ہوتے ہیں۔

لندن میں کشمیریوں کا طاقتور مظاہرہ

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

برطانیہ میں مقیم کشمیری برادری نے حالیہ دنوں لندن سمیت مختلف شہروں میں اپنے حقوق اور کشمیر کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔ ان مظاہروں میں ہزاروں افراد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے مطالبات اور تحفظات کو عالمی برادری کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی۔ لندن میں ہونے والے احتجاجی مظاہروں میں مرد، خواتین، نوجوان اور بزرگ بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر انسانی حقوق، انصاف، جمہوری آزادیوں اور کشمیری عوام کے حقوق کے حق میں نعرے درج تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ کشمیر کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں اور ان کے مسائل کو طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور سیاسی عمل کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی آواز کو دبانے کے بجائے اسے سنا جائے اور اس کا احترام کیا جائے۔ احتجاج میں شریک افراد نے اس بات پر زور دیا کہ کشمیری عوام کو اپنی سیاسی، سماجی اور معاشی ترقی کے لیے بہتر مواقع فراہم کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ عوام کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے۔ لندن کے علاوہ برمنگھم، مانچسٹر، بریڈفورڈ، لوٹن اور دیگر شہروں میں بھی کشمیری کمیونٹی نے ریلیاں اور احتجاجی اجتماعات منعقد کیے۔ ان تقریبات میں مختلف سیاسی، سماجی اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ احتجاجی مظاہروں کے دوران مقررین نے کہا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری اپنے وطن کے حالات سے لاتعلق نہیں رہ سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کے کسی بھی کونے میں رہنے والے کشمیری اپنے لوگوں کے مسائل اور مشکلات کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ حالیہ واقعات نے کشمیری برادری کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ ان کے مطابق انسانی جانوں کا ضیاع اور عوامی بے چینی ایسے مسائل ہیں جن پر فوری توجہ دی جانی چاہیے۔ مظاہرین نے عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیں اور ایسے اقدامات کریں جو خطے میں امن اور استحکام کے فروغ میں مددگار ثابت ہوں۔ احتجاج کے دوران متعدد مقررین نے انسانی حقوق کے عالمی اصولوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر فرد کو اظہارِ رائے، پرامن احتجاج اور سیاسی شرکت کا حق حاصل ہے اور ان حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے۔ کشمیری برادری کے رہنماؤں نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم کشمیری کئی دہائیوں سے اپنے وطن کے مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے سرگرم کردار ادا کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی یہ کوششیں جاری رہیں گی۔ احتجاجی اجتماعات میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نوجوان مقررین نے کہا کہ نئی نسل اپنے بزرگوں کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے اور وہ پرامن اور جمہوری ذرائع سے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ خواتین کی شرکت بھی ان مظاہروں کا نمایاں پہلو تھی۔ خواتین مقررین نے کہا کہ کشمیر کے مسائل صرف سیاسی نہیں بلکہ انسانی نوعیت کے بھی ہیں اور ان کے اثرات معاشرے کے ہر طبقے پر مرتب ہوتے ہیں۔ احتجاج کے شرکاء نے مختلف مقامات پر مارچ کرتے ہوئے اپنے مطالبات کو پُرامن انداز میں پیش کیا۔ اس دوران امن و امان کی صورتحال مجموعی طور پر معمول کے مطابق رہی اور مظاہرے منظم انداز میں جاری رہے۔ برطانیہ میں مقیم کشمیری کمیونٹی کا کہنا ہے کہ وہ اپنے وطن کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ہر مشکل وقت میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ کئی مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ مسئلے کا حل تصادم یا کشیدگی میں نہیں بلکہ مکالمے، برداشت اور باہمی احترام میں پوشیدہ ہے۔ ان کے مطابق پائیدار امن کے لیے تمام فریقین کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ احتجاجی ریلیوں کے دوران کشمیری ثقافت اور شناخت کو بھی اجاگر کیا گیا۔ شرکاء نے روایتی جھنڈے اور ثقافتی علامات اٹھا کر اپنی قومی اور ثقافتی وابستگی کا اظہار کیا۔ مظاہرین نے برطانوی حکومت اور ارکانِ پارلیمنٹ سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا نوٹس لیں اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ کمیونٹی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری معاشی، تعلیمی اور سماجی میدانوں میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کے آبائی علاقوں میں بھی ترقی اور خوشحالی کے مواقع بڑھیں۔ احتجاجی اجتماعات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوان نسل کو مایوسی کے بجائے تعلیم، شعور اور مثبت سیاسی عمل کی طرف راغب کیا جائے تاکہ وہ اپنے مستقبل کی بہتر تعمیر کر سکیں۔ مقررین نے کہا کہ دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں کے درمیان اتحاد اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق مشترکہ آواز ہی عالمی سطح پر مؤثر انداز میں سنی جا سکتی ہے۔ مظاہرین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے حقوق اور اپنے عوام کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے قانونی، جمہوری اور پرامن ذرائع اختیار کرتے رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی جدوجہد کا مقصد امن، انصاف اور عوامی فلاح کا حصول ہے۔ برطانیہ میں ہونے والے یہ احتجاج اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ کشمیری برادری اپنے وطن کے معاملات سے گہری وابستگی رکھتی ہے اور عالمی سطح پر اپنے مؤقف کو اجاگر کرنے کے لیے مسلسل سرگرم ہے۔ شرکا کا کہنا تھا کہ جب تک ان کے مطالبات اور تحفظات کو سنجیدگی سے نہیں سنا جاتا، وہ اپنی پرامن آواز بلند کرتے رہیں گے۔ مظاہرین نے اپنے اجتماعات کے اختتام پر اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں ایسے اقدامات کیے جائیں گے جو کشمیری عوام کی مشکلات میں کمی لانے، خطے میں استحکام پیدا کرنے اور ایک منصفانہ و پائیدار امن کی راہ ہموار کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

سوانح عمری نور المشائخ حضرت ڈاکٹر زید احمد چشتی نظامی فریدی رح *

تحریر: شوکت علی چشتی فریدی بوریوالہ

ہم گدائے درمے خانہ ہیں اے پیر مغاں کام اپنا
تیرے صدقے میں چلا لیتے ہیں جز آستاں تو جادر
جہاں نمی دانم من و تفکر جائے دگر دروغ دروغ *
خصوصی اشاعت بسلسلہ آمد عرس مبارک 17/18 اکتوبر 2025۔ *تحریر: شوکت علی چشتی فریدی بوریوالہ۔ *تحقیق: سجاد الحسن چشتی فریدی لاہور۔ *معاونت: جاوید احمد چشتی فریدی منڈی بہاؤالدین *تاریخ پیدائش 23 فروری 1952 مقام پیدائش لاہور۔ تاریخ وصال* 17/اکتوبر 1994 بمطابق جمادی الاول 1415ھ بروز سوموار عمر مبارک 42 سال۔ *والد گرامی آپ حضرت خواجہ جان محمد چشتی نظامی فریدی رح کے نور چشم ہیں۔ سلسلہ طریقت* آپکا سلسلہ طریقت بیالیسویں 42 نمبر پر جا کر جان جاناں ہر دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جا کر ملتا ہے (1) جان جاناں رحمت دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (2) بواحسن شیر خدا حضرت علی وجہہ الکریم (3) خواجہ حسن بصری رح (4) حضرت عبدالواحد ابن زید رح (5) حضرت فضیل ابن عیاض رح۔ (6) حضرت ابراہیم ادھم رح (7) حضرت شاہ حذیفہ مرعشی رح (8) حضرت امین الدین ھبیرہ رح (9) حضرت ممشاد علو دینوری رح (10) حضرت خواجہ بواسحاق رح (11) شیخ ابی احمد فرسنافتہ رح (12) حضرت محمد بن ابی احمد رح (13) حضرت شاہ بو یوسف رح (14) حضرت قطب الدین شاہ مودود رح (15) خواجہ زندنی حاجی شریف رح (16) حضرت عثمان ہارونی رح (17) حضرت خواجہ معین الدین شاہ نائب رسول ص ہندالولی رح (18) حضرت بختیار کاکی رح (19) حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رح (20) حضرت نظام الدین اولیا رح (21) حضرت شاہ نصیرالدین چراغ رح (22) حضرت کمال الدین شاہ علامہ (23) شاہ سراج الدین رح (24) حضرت خواجہ مکرم الدین شیخ رح (25) خواجہ راجن شیخ رح (26) خواجہ جمال الدین رح (27) شیخ حسن محمد باصفار رح (28) شیخ محمد شیخ رح (29) شیخ یحیی مدنی رح (30) شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی رح (31) خواجہ نظام الدین رح (32) خواجہ فخر الدین رح (33) حضرت قبلہ عالم نور محمد مہاروی رح (34) حضرت محمد عاقل قطب زماں رح (35) حضرت خواجہ خدا بخش رح (36) حضرت شاہ غلام فخر الدین رح (37) حضرت خواجہ غلام فرید رح چاچڑاں (38) خواجہ شاہ محمد بخش رح (39) شاہ معین الدین معین حق رح (40) حضرت خواجہ محمد یار رح (41) حضرت خواجہ جان محمد چشتی نظامی رح (42) حضرت خواجہ ڈاکٹر زید احمد چشتی فریدی ساقی رح۔ *تقرر خلفاء* آپ نے اپنے حیات مبارکہ میں صرف دو خلفاء کا تقرر کیا پہلے خلیفہ جناب دیوان ریاض الحق چشتی رح منڈی بہاؤالدین سے اور دوسرے جناب خواجہ صوفی محمد انور چشتی فریدی رح جہانیاں سے تھے دیوان ریاض الحق چشتی کی سب سے پہلے نسبت حضرت پیر پٹھان رح سے تھی مگر پیر پٹھان رح علیہ کے حکم کے مطابق جناب دیوان رح نے منڈی بہاؤالدین سے حضرت خواجہ زید رح سے متعلق معلومات حاصل کیں اور بہانہ محفل سماع جو کہ چھٹی شریف کے نام سے موسوم تھی منڈی سے آنے والے لوگوں کے ساتھ رخت سفر باندھا اور یوں دیوان رح کی ملاقات حضرت زید احمد سے ہوگئی اس ملاقات میں کچھ معروضات پیش کی گئیں جو چہار نقاط پر مشتمل تھیں جن میں سے تین کے حل کی یقین دھانی حضرت صاحب کی طرف سے کروائی گئی اور دیوان صاحب رح نے تجدید بیعت کر لی ان چہار سوالات اور انکے حل کا ذکر آگے کشف و کرامت کے پیرائے میں کیا جائے گا* خاندانی حالات* چونکہ حضرت خواجہ جان محمد چشتی نظامی کی دو ازواج تھیں لہذا ایک میں سے آپ رح کا جنم مبارک ہے اور دوسری میں سے دو صاحبزادے حضرت خواجہ سلطان چشتی علیہ رح اور حضرت خواجہ محمد طاہر چشتی فریدی مدظلہ عالی ہیں آپ زید علیہ رحمہ کے ہاں نرینہ اولاد نہ تھی دو بیٹیاں نور العین اور قرات العین پیدا ہوئیں آپ کے وصال مبارکہ کے کچھ عرصہ بعد آپ کی زوجہ محترمہ کا بھی انتقال ہو گیا آپ کی تعلیم و تربیت کیونکہ روحانی خطوط پر استوار کی گئی تھی اس لئے آپ نے علیحدہ رہنے پر اکتفا کیا اور زندگی کا بیشتر حصہ کرائے کے مکان میں گزارا تاہم زندگی کے آخری حصہ میں اللہ پاک نے آپ کو ذاتی مکان سے نوازدیا جو کہ غازی آباد لاہور صدر بازار کے نواح میں ہے * تعلیم و تربیت ڈاکٹر زید احمد چشتی نظامی فریدی رح نے لاہور سے ہی ابتدائی تعلیم حاصل کی آپ ماشاءاللہ چہار ڈگریوں کے حامل تھے 1-ایم اے ہسٹری 2-ایم اے اسلامیات 3-ایم اے فلاسفی 4-پی ایچ ڈی فلسفہ آپ نے پی ایچ ڈی 26 سال کی عمر کے لگ بھگ مکمل کر لی تھی اور واپس آکر اعزازی طور پر پنجاب یونیورسٹی لاہور میں فلسفہ کی تعلیم سے منسلک ہو گئے اور پانچ سال تک فلسفہ پڑھاتے رہے والد گرامی کی وفات کے بعد مریدین و معتقدین کی تعداد کافی زیادہ ہو چکی تھی اس لئے پنجاب یونیورسٹی کو خیر باد کہہ دیا اور زیادہ وقت مریدین کے لئے وقف کر دیا آپ رح علیہ فرماتے تھے کہ فلسفہ کی تعلیم کے بعد روحانیت سے تعلق جوڑنا انتہائی مشکل ہوتا ہے تاہم والد گرامی حضرت جان محمد چشتی فریدی رح کی نظر شفقت سے روحانیت سے منسلک ہونے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئی آپ چونکہ شاعری سے بھی لگاؤ رکھتے تھے صوفی شاعر ہونے کے ناطے تخلص ساقی تھا دوران زندگی صوفیانہ کلام بھی لکھتے رہے جیسا کہ آپ کا مشہور کلام دل لگایا تھا دل لگی کے لئے بن گیا روگ زندگی کے لئے زبان زد عام ہے اس کلام کو گا کر عطاءاللہ عیسی خیلوی نے شہرت حاصل کی ہے علاوہ ازیں آپ رح نے اپنی حیات مبارکہ میں پانچ چھ کتب تصنیف فرمائی ہیں تاہم آخری تصنیف کا عنوان ہے اسلام کا مقدمہ مغربی طرز فکر میں* جو کہ مکمل ہونے کے باوجود چھپ نہیں سکی۔ *صاحب کشف و کرامت* آپ رحمت اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کشف ولایت کا جز نہیں بلکہ کشف ہر اس شخص کو حاصل ہو سکتا ہے جو تین عمل اپنا لے کم کھانا، کم بولنا، کم سونا۔ آپ صاحب کرامت ہونے کے باوجود ہر اس امر کو مخفی رکھتے تھے جس سے کرامت ظاہر ہونے کا اندیشہ ہو۔ حضرت جی حکیم محمد شتیاق الحق فریدی بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک دفعہ میں حضرت صاحب رح کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ باغبانپورہ لاہور سے ایک فیملی میاں بیوی اور انکی بہو حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے کہ انکا زیور چوری ہو گیا ہے لہذا ہمیں بتایا جائے کہ ہمارا چور کونسا ہے حضرت صاحب نے فرمایا کہ آپ کا مدعا صرف زیور کی واپسی ہے لہذا زیور دو تین روز میں مل جائے گا وہ لوگ مایوسی کے عالم میں اٹھ کر چل دیے قبلہ حکیم صاحب فرماتے ہیں کہ میرے استفسار پر آپ رح نے بتایا کہ انکی بہو چوتھی اگر بتا دیا جاتا تو بہو کا گھر اجڑ جاتا بہر حال دو تین روز کے بعد وہ لوگ

حضرت ڈاکٹر زید احمد چشتی نظامی فریدی

مٹھائی لے کر حاضر ہوئے اور کہا کہ انکا زیور مل گیا ہے اس سارے عمل میں آپ کے کشف و کرامت کا اظہار ہوتا ہے جبکہ آپ محسوس نہیں ہونے دیتے تھے۔ دوسرے واقعہ کا تذکرہ نگار جاوید احمد فریدی (منڈی بہاؤالدین) ہے دیوان ریاض الحق چشتی خلیفہ مجاز کا تعلق منڈی بہاؤالدین سے ہے موصوف چشتیہ سلسلے کے بزرگ پیر پٹھان کے دست بیعت تھے دیوان صاحب کو کچھ دنیاوی مسائل درپیش تھے لیکن چونکہ دیوان موصوف علیہ رحمت کا فیض حضرت ڈاکٹر زید احمد چشتی نظامی رحمت اللہ علیہ کے ہاں تھا اس لئے کچھ عرصہ بعد شیخ کریم نے فرمایا کہ دیوان صاحب آپ لاہور آستانہ عالیہ ڈاکٹر زید چشتی کے ہاں حاضر ہو کر فیض حاصل کریں لہذا دیوان رح نے منڈی بہاؤالدین سے آنے والے اراتمندوں کے ساتھ چھٹی شریف پر حاضر ہو کر تجدید بیعت کی اور اپنے چہار مسائل کا تذکرہ کیا نمبر 1، دو دلماوں پر مقدمے سے بریت نمبر 2، زرعی زمین اچھے داموں بک جائے۔ نمبر 3، بیٹی بیمار ہے اس کے صحت کے لئے التماس ہے۔ نمبر 4، دوسری شادی ہو جائے جناب ڈاکٹر زید احمد رح نے پہلے تین مسائل کے حل ہونے کی نوید تو سنادی تاہم دوسری شادی کرنے سے منع فرما دیا۔ دیوان کامل کی نگاہ باطن کام کر گئی اور دیوان صاحب فیضیاب ہوئے۔ *تیسرا واقعہ راقم الحروف کے مشاہدے کا ہے کہ میرے کزن کے ہاں تیسری شادی کے بعد بھی کوئی اولاد نہ ہوئی شیخ کریم سے دعا کی استدعا کی گئی عرصہ قریب تین سال استدعا جاری رہی اس استدعا میں جناب حکیم اشتیاق الحق مدظلہ عالی بھی شامل تھے شیخ کریم نے موصوف کے گوش گزار کیا کہ راقم الحروف کو بتادیں کہ وہ اسحاق صاحب کے معاملہ پر زور نہ دیں کیونکہ لوح محفوظ پر اسحاق کے کھاتے میں کوئی اولاد نہیں ہے۔ جناب اشتیاق صاحب نے استفسار کیا تو شیخ کریم نے اشارہ فرمایا کہ نئی روح تو پیدا نہیں ہو سکتی البتہ روح ٹرانسفر ہو سکتی ہے راقم الحروف کو لاہور آستانہ عالیہ پر حاضری کا شرف حاصل ہوا باتوں باتوں میں عرض کیا کہ دیکھ لیں میرے کھاتہ میں کوئی روح بقایا ہے تو ٹرانسفر کر دی جائے مگر شیخ کریم نے خاموشی اختیار کر لی کوئی جواب نہ دیا یاد رہے میرا کزن سیالکوٹ مغربی دربار منڈیر شریف سیداں میں سید محمد احمد حسین شاہ رح کے ہاں بیعت تھا شیخ کریم حضرت زید احمد رح نے اسحاق کو سیالکوٹ حاضری کا حکم دیا میرا کزن مرحوم لاہور سے ہی سیدھا مغربی دربار منڈیر شریف حاضر ہوا اور حسب حکم حاضری کا شرف حاصل کیا اور واپس بوریوالہ اپنے گھر آ گیا ایک ہفتے بعد اللہ پاک نے رحمت فرمائی اور خوشخبری عطا فرمائی اور اس خوشخبری کے نتیجہ میں بیٹی پیدا ہوئی نین سجن دے عشق کتابیں تے میں پڑھدا ذرا نہ تھکاں اک اک نظر وچ لفظ ہزاراں تے ہر لفظ دے مطلب لکھاں۔ آپ کو نامعلوم سنگدل ناہنجار نے 17 اکتوبر 1994 کی شب گھر میں داخل ہونے کی اجازت نہ ملنے پر شہید کر دیا آپکی نماز جنازہ معروف سکالر عالم دین سجادہ نشین گڑھی شریف (رحیم یار خاں) حضرت خواجہ غلام قطب الدین رحمہ اللہ نے پڑھائی آپ رح ہنجر ول شریف میں اپنے بابا حضور خواجہ جان محمد چشتی رح کے پہلو میں مرجع خلائق ہیں اللہ پاک بیشمار رحمتوں کا نزول فرمائے آمین ثم آمین یارب العالمین جب روح میرے پیر اہن خاکی سے نکلی* تو روضے سے آواز آئی او میر فقیر آیا* ہم گدائے درمے خانہ ہیں اے پیر مغاں کام اپنا تیرے صدقے میں چلا لیتے ہیں جز آستاں تو جادر جہاں نمی دانم من و تفکر جائے دگر دروغ دروغ *خصوصی اشاعت بسلسلہ آمد عرس مبارک 17/18 اکتوبر 2025۔ *تحریر: شوکت علی چشتی فریدی بوریوالہ۔ *تحقیق: سجاد الحسن چشتی فریدی لاہور۔ *معاونت: جاوید احمد چشتی فریدی منڈی بہاؤالدین *تاریخ پیدائش 23 فروری 1952 مقام پیدائش لاہور۔ تاریخ وصال* 17/اکتوبر 1994 بمطابق جمادی الاول 1415ھ بروز سوموار عمر مبارک 42 سال۔ *والد گرامی آپ حضرت خواجہ جان محمد چشتی نظامی فریدی رح کے نور چشم ہیں۔ سلسلہ طریقت* آپکا سلسلہ طریقت بیالیسویں 42 نمبر پر جا کر جان جاناں ہر دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جا کر ملتا ہے (1) جان جاناں رحمت دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (2) بواحسن شیر خدا حضرت علی وجہہ الکریم (3) خواجہ حسن بصری رح (4) حضرت عبدالواحد ابن زید رح (5) حضرت فضیل ابن عیاض رح۔ (6) حضرت ابراہیم ادھم رح (7) حضرت شاہ حذیفہ مرعشی رح (8) حضرت امین الدین ھبیرہ رح (9) حضرت ممشاد علو دینوری رح (10) حضرت خواجہ بواسحاق رح (11) شیخ ابی احمد فرسنافتہ رح (12) حضرت محمد بن ابی احمد رح (13) حضرت شاہ بو یوسف رح (14) حضرت قطب الدین شاہ مودود رح (15) خواجہ زندنی حاجی شریف رح (16) حضرت عثمان ہارونی رح (17) حضرت خواجہ معین الدین شاہ نائب رسول ص ہندالولی رح (18) حضرت بختیار کاکی رح (19) حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رح (20) حضرت نظام الدین اولیا رح (21) حضرت شاہ نصیرالدین چراغ رح (22) حضرت کمال الدین شاہ علامہ (23) شاہ سراج الدین رح (24) حضرت خواجہ مکرم الدین شیخ رح (25) خواجہ راجن شیخ رح (26) خواجہ جمال الدین رح (27) شیخ حسن محمد باصفار رح (28) شیخ محمد شیخ رح (29) شیخ یحیی مدنی رح (30) شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی رح (31) خواجہ نظام الدین رح (32) خواجہ فخر الدین رح (33) حضرت قبلہ عالم نور محمد مہاروی رح (34) حضرت محمد عاقل قطب زماں رح (35) حضرت خواجہ خدا بخش رح (36) حضرت شاہ غلام فخر الدین رح (37) حضرت خواجہ غلام فرید رح چاچڑاں (38) خواجہ شاہ محمد بخش رح (39) شاہ معین الدین معین حق رح (40) حضرت خواجہ محمد

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

لیتے اور ایک فرد کی خاطر اداروں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ وزیرِ دفاع کا کہنا تھا کہ شخصیات عارضی ہوتی ہیں اور آنے والی نسلیں آگے بڑھتی ہیں، بڑی بڑی شخصیات اس دنیا سے رخصت ہوچکی ہیں، اس لیے رویوں کو درست کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی باہر سے آکر اداروں کو کمزور یا نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

لی اپنی بیٹیوں سے لاتعلقی کا اظہار کردیا۔ گوادر سے تعلق رکھنے والے علی بلوچ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میری بیٹی اقرا گزشتہ ایک ماہ سے لاپتہ ہے اور اس کے بارے میں کوئی مصدقہ معلومات موصول نہیں ہوئیں، تمام رشتہ داروں اور جاننے والوں نے ممکنہ مقامات پر اس کی تلاش کی تاہم اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ علی بلوچ نے واضح کیا کہ وہ اور انکے خاندان کے تمام افراد اقرا کے کسی بھی غیر قانونی، ریاست مخالف یا غلط اقدام کی حمایت نہیں کرتے۔ گوادر کے شہری شیر محمد نے بھی پریس کانفرنس میں اپنی بیٹی سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میری بیٹی حنیفہ 2 جون 2026 سے لاپتہ ہے، تلاش کے باوجود کوئی سراغ نہیں ملا، بیٹی نے قانون، ریاست یا معاشرتی اقدار کیخلاف راستہ چنا تو خاندان ذمہ دار نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حنیفہ کے حوالے سے کیے جانے والے کسی بھی پروپیگنڈے سے ہمارا تعلق نہیں، میں ایک محب وطن پاکستانی شہری ہوں، آئین وقانون کا احترام کرتا ہوں

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

لی اپنی بیٹیوں سے لاتعلقی کا اظہار کردیا۔ گوادر سے تعلق رکھنے والے علی بلوچ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میری بیٹی اقرا گزشتہ ایک ماہ سے لاپتہ ہے اور اس کے بارے میں کوئی مصدقہ معلومات موصول نہیں ہوئیں، تمام رشتہ داروں اور جاننے والوں نے ممکنہ مقامات پر اس کی تلاش کی تاہم اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ علی بلوچ نے واضح کیا کہ وہ اور انکے خاندان کے تمام افراد اقرا کے کسی بھی غیر قانونی، ریاست مخالف یا غلط اقدام کی حمایت نہیں کرتے۔ گوادر کے شہری شیر محمد نے بھی پریس کانفرنس میں اپنی بیٹی سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میری بیٹی حنیفہ 2 جون 2026 سے لاپتہ ہے، تلاش کے باوجود کوئی سراغ نہیں ملا، بیٹی نے قانون، ریاست یا معاشرتی اقدار کیخلاف راستہ چنا تو خاندان ذمہ دار نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حنیفہ کے حوالے سے کیے جانے والے کسی بھی پروپیگنڈے سے ہمارا تعلق نہیں، میں ایک محب وطن پاکستانی شہری ہوں، آئین وقانون کا احترام کرتا ہوں

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

درج کیا گیا ہے جبکہ گینگ ریپ اور ویڈیو بنانے کا واقعہ فروری میں پیش آیا۔ ایف آئی آر کے مطابق متاثرہ نرس فروری کے آخری ہفتے چینگر دربار پر دعا کرنے گئی۔ دعا کے دوران دو مسلح افراد آئے اور اسے پہاڑی کی جانب لے جاکر زیادتی کی۔ ملزمان نے زیادتی کے دوران ویڈیو بھی بنائی۔ ایف آئی آر کے مطابق اب ملزمان کی شناخت عاقب گل اور عاشق کے نام سے ہوئی۔ ملزم عاقب گل نے دو ہفتے قبل بھی متاثرہ خاتون کو فون کرکے ویڈیو وائرل کرنے کی دھمکی دی۔ پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

کرلیا۔ سماعت کے دوران مدعیہ ڈاکٹر مدیحہ نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم نے 120 گز کا پلاٹ دکھا کر ان سے ایک کروڑ روپے کا فراڈ کیا۔ ان کے مطابق ملزم نے جعلی دستاویزات تیار کروائیں اور ایک جعلی مالک سے بھی ملوایا۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم آٹھ ماہ تک مفرور رہا جبکہ اس کی ضمانت قبل از گرفتاری بھی مسترد ہوچکی ہے۔ وکیل کے مطابق ملزم کے خلاف تھانہ ساحل میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ عدالت نے دلائل مکمل ہونے پر درخواستِ ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) ک ہوگئے۔ مقامی حکام نے بتایا کہ وہ حادثے کی وجہ کی تحقیقات کررہے ہیں جبکہ گیس پائپ لائنوں کے خطرے کو مسترد کردیا ہے۔ زخمی ہونے والے 17 افراد کو فوراً طور پر منتقل کردیا گیا ہے جبکہ حکام کے مطابق ان میں سے کسی کی حالت تشویشناک نہیں ہے۔ حکام نے مزید بتایا کہ زنگن قصبے میں دھماکا ہوا جو معدنی اور زرعی وسائل سے مالا مال پہاڑی علاقے میں واقع ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

میں ایک افغانی خوارجی بھی شامل تھا۔ سیکیورٹی فورسز کی مہمند کے پہاڑی علاقے *شیخ باندہ* میں کامیاب کارروائی کے دوران جہنم واصل ہونے والا ایک خارجی افغان شہری نکلا، جہنم واصل ہونے والے خوارجی کے پاس سے *افغان اماراتی شناختی کارڈ، غیر ملکی کرنسی، جدید اسلحہ اور خودکش جیکٹ بھی برآمد ہوئی۔ جہنم واصل افغان خوارجی کے افغان اماراتی شناختی کارڈ پر اس کا نام *عمر بیلال* واضح طور پر درج ہے، جہنم واصل ہونے والا افغان خارجی عمر بیلال افغانستان کے صوبہ خوست کا رہنے والا تھا، سیکیورٹی فورسز* نے یہ کامیاب کارروائی 4 جون 2026 کو کی جس کے دوران دو خوارجیوں کو جہنم واصل کیا۔ *دفاعی ماہرین کے مطابق* شاخت ہونے والا افغان خوارجی ثبوت ہے کہ فتنہ الخوارج اور افغان طالبان رجیم کا گٹھ جوڑ پاکستان کا امن تباہ کرنا چاہتا ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق پاکستان بارہا عالمی سطح پر دہشت گردی کے لیے افغانستان کی سرزمین کے استعمال کے شواہد پیش کر چکا ہے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

ای ڈی) کے موجودہ دو درجوں پر مشتمل نظام کو تبدیل کرکے 3 درجوں پر مشتمل نیا ٹیکس ڈھانچہ متعارف کرانے کی تجویز تیار کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد ایک جانب غیر قانونی سگریٹوں کی تجارت کی حوصلہ شکنی کرنا اور دوسری جانب دستاویزی تمباکو صنعت کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ حکام کے مطابق اس وقت مقامی مارکیٹ کا تقریباً 56 فیصد حصہ غیر قانونی سگریٹوں پر مشتمل ہے، جس کے باعث قومی خزانے کو بھاری محصولات کا نقصان پہنچ رہا ہے جبکہ قانونی طور پر کام کرنے والی تمباکو صنعت بھی شدید دباؤ کا سامنا کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق بین الاقوامی ڈونر اداروں نے بھی سگریٹوں پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی بلند شرح اور غیر قانونی تجارت کے بڑھتے ہوئے حجم پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ان اداروں کا مؤقف ہے کہ گزشتہ برسوں کے دوران فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں تقریباً 200 فیصد اضافے کے نتیجے میں دستاویزی اور منظم شعبے کو سنگین مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ غیر قانونی کاروبار کو فروغ ملا۔ مجوزہ فنانس بل 2026 کے تحت فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا تیسرا درجہ متعارف کرانے کی تجویز دی گئی ہے، جس کے مطابق ایف ای ڈی کی شرح تقریباً 200,3 روپے فی ایک ہزار سگریٹ اسٹکس مقرر کی جاسکتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے قانونی صنعت کو زیادہ مسابقتی ماحول میسر آئے گا اور غیر قانونی سگریٹوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے میں مدد ملے گی۔ موجودہ نظام کے تحت مقامی طور پر تیار کردہ ایسے سگریٹ جن کی پیک پر درج خوردہ قیمت 500,12 روپے فی ہزار سگریٹ سے زائد ہو، ان پر 500,16 روپے فی ہزار سگریٹ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد ہے۔ اسی طرح جن سگریٹوں کی پیک پر درج خوردہ قیمت 500,12 روپے فی ہزار سگریٹ کے برابر یا اس سے کم ہو، ان پر 050,5 روپے فی ہزار سگریٹ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی وصول کی جاتی ہے۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ 3 درجوں پر مشتمل نظام کے ذریعے حکومت غیر قانونی تجارت کے پھیلاؤ کو محدود کرنے، محصولات میں بہتری لانے اور قانونی تمباکو صنعت کو درپیش مشکلات میں کمی لانے کی کوشش کرے گی۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

یہ حملے ایران پر امریکی حملوں کے جواب میں کیے گئے ہیں جن میں تفریحی مرکز، ایک صنعتی کیمپلیکس، اور کاراج، نظر آباد اور پشوا کے اردگرد فوجی تنصیبات کے ساتھ ساتھ ایک مقامی ایرانی ہوائی اڈہ بھی شامل ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق ایرانی افواج کی جانب سے دعویٰ کیا گیا کہ آپریشن نے اُردن میں موجود امریکی اڈے کی تنصیبات اور بڑی تعداد میں لڑاکا طیاروں کو تباہ کردیا۔ الازرق ایئربیس اردن کے صوبے زرقا میں واقع ہے، جو دارالحکومت عمان سے تقریباً 100 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ یہ اڈہ اردنی فضائیہ کے 1st, 2nd اور 6th فائٹر اسکواڈرن کی میزبانی کرتا ہے اور اسے امریکا اور نیٹو اتحادیوں نے شامی تنازعے کے دوران اسلامک اسٹیٹ گروپ کے خلاف حملوں سمیت آپریشنز کے لیے استعمال کیا ہے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

سل لٹی کے ممکنہ خطرے سے متعلق خبردار کیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق عدالتی تنبیہات اور عالمی سطح پر بڑھتے ہوئے انسانی حقوق کے خدشات کے باوجود اسلحہ کی فراہمی کا سلسلہ نہ صرف جاری رہا بلکہ اس میں اضافہ بھی دیکھنے میں آیا۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیل کی فوجی سپلائی ایک وسیع عالمی نیٹ ورک پر منحصر رہی، جس میں امریکہ سب سے بڑا فراہم کنندہ ثابت ہوا۔ مجموعی ترسیل میں امریکہ کا حصہ 42 فیصد رہا، جبکہ بھارت 26 فیصد کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ اس کے علاوہ رومانیہ، تائیوان اور چیک ریپبلک بھی نمایاں سپلائرز میں شامل رہے، جنہوں نے جنگ سے پہلے کے عرصے کے مقابلے میں اپنی برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ کیا۔ تحقیق کے مطابق اسرائیل کو درآمد کیے جانے والے فوجی ساز و سامان کا 62 فیصد حصہ دھماکہ خیز ہتھیاروں پر مشتمل تھا، جن میں بم، میزائل اور بارودی سرنگیں شامل ہیں۔ ان ہتھیاروں کی مجموعی مالیت 550 ملین ڈالر سے تجاوز کرگئی۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ بڑی مقدار میں گولا بارود فراہم کیا گیا، جس کے استعمال کے اوقات میں غزہ کے شہری علاقوں پر شدید حملوں کی اطلاعات سامنے آئیں۔ رپورٹ میں متعدد ممالک کے سرکاری اعلانات اور عملی اقدامات کے درمیان واضح تضاد کی نشاندہی بھی کی گئی۔ اسپین نے اگرچہ اسلحہ برآمدات پر پابندی کا اعلان کیا، تاہم اس کے باوجود 99 فوجی کھیپیں اسرائیل روانہ کی گئیں۔ اسی طرح کینیڈا نے پارلیمانی فیصلے کے باوجود 19 کھیپ اسرائیل بھیجیں، جس نے حکومتی پالیسیوں کی شفافیت اور عملدرآمد پر سوالات کھڑے کردیے۔ یورپی ممالک کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے رپورٹ میں کہا گیا کہ فرانس سے اسرائیل کو 25 فوجی کھیپیں موصول ہوئیں، جن میں سے 92 فیصد بین الاقوامی عدالت انصاف کی وارننگ کے بعد روانہ کی گئیں۔ اٹلی کی جانب سے بھی جنگ بندی سے قبل تک اسلحہ کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہا۔ برطانیہ کے حوالے سے تحقیق میں بتایا گیا کہ اس نے "لائسنسڈ انلیگز ایشن" کے طریقہ کار کے تحت اسلحہ کے مختلف پرزے دیگر ممالک کو فراہم کیے، جو بعد ازاں اسرائیل منتقل ہونے والے دفاعی نظاموں کا حصہ بنے۔ اس بالواسطہ کردار نے اسلحہ سپلائی کے پیچیدہ عالمی نظام کی ایک اور جہت کو نمایاں کیا۔ رپورٹ کے مطابق انسانی بنیادوں پر ہونے والی عارضی جنگ بندیوں کے دوران بھی فوجی سامان کی بڑی کھیپیں اسرائیل پہنچتی رہیں، جبکہ بعض معاملات میں جنگ بندی کے بعد بھی ترسیل کا عمل جاری رہا۔ اس صورتحال نے انسانی ہمدردی کے اقدامات کی افادیت اور ان کے ساتھ متوازی جاری عسکری سرگرمیوں پر بھی سوالات اٹھائے۔ الجزیرہ کی تحقیق کے نتیجے میں یہ مؤقف سامنے آیا کہ غزہ میں جاری تباہ کن فوجی کارروائی کا تسلسل ایک منظم عالمی سپلائی چین کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ ماہرین کے مطابق یہ انکشافات نہ صرف بین الاقوامی قانونی نظام بلکہ اس کے نفاذ کے طریقہ کار، ریاستی ذمہ داریوں اور انسانی حقوق کے عالمی دعووں کے حوالے سے بھی سنگین سوالات کو جنم دیتے ہیں۔ تاہم رپورٹ میں پیش کیے گئے اعداد و شمار اور نتائج متعلقہ فریقوں کے مؤقف اور آزادانہ قانونی جانچ کے تناظر میں مزید بحث کا موضوع بن سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

کے مختلف ممالک پر ٹیرف کے نفاذ سے غیر یقینی صورتحال پیدا ہوئی۔ معاشی شرح نمو 7.3 فیصد رہی انہوں نے بتایا کہ حکومت بحرانوں سے نبرد آزما ہونے میں کامیاب رہی، اندرونی اور بیرونی چیلنجز کے باوجود ملکی معیشت نے بہتر کارکردگی دکھائی، معاشی ترقی کی شرح نمو 7.3 فیصد رہی، توقع تھی رواں مالی سال شرح نمو 4 فیصد سے زائد رہے گی۔ معیشت کا حجم 425 ارب ڈالر وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ مشرق وسطیٰ کی صورت حال پیدا نہ ہوتی تو جی ڈی پی گروتھ 4 فیصد سے اوپر جاتی، پاکستانی معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر سے اوپر چلا گیا، فی کس اوسط سالانہ آمدن 1751 ڈالر سے بڑھ کر 1901 ڈالر ہوگئی۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر غیر یقینی صورتحال سے بین الاقوامی معیشتوں کو بھی دھچکا لگا لیکن مشرق وسطیٰ کے بحران کے باوجود معاشی کارکردگی اچھی رہی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پیٹرولیم سیکٹر میں 5 فیصد گروتھ ہوئی، جولائی تا مارچ کرنٹ اکاؤنٹ 72 ملین ڈالر مثبت رہا، زرعی شعبے کی شرح نمو 89.2 فیصد رہی، ڈیری اور لائیوسٹاک کا زرعی معیشت میں 60 فیصد حصہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بڑی صنعتوں میں ترقی کی شرح نمو 1.6 فیصد رہی، فوڈ، ٹیکسٹائل سمیت 16 شعبوں میں مثبت رجحان رہا، سیمنٹ کی طلب میں 10 فیصد اضافہ ہوا، کھاد کی طلب میں 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، خدمات کے شعبے میں شرح نمو 9.4 فیصد رہی۔ مہنگائی کی اوسط شرح 7.6 فیصد وزیر خزانہ کے مطابق مالی نظم وضبط کی وجہ سے مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی ہوئی، ایف بی آر کے محصولات میں 1.10 فیصد اضافہ ہوا، افراط زر میں گزشتہ 2 سال میں بتدریج کمی ہوئی، مہنگائی کی اوسط شرح 7.6 فیصد رہی، ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران ترسیلات زر 33 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئیں، اوورسیز پاکستانیوں کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی ادائیگی کیلئے ترسیلات زر بنیادی اہمیت کے حامل ہیں، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کا مقصد سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، چاول اور چینی کی وجہ سے مجموعی برآمدات میں کمی ہوئی، ٹیکسٹائل کے شعبے کا برآمدات میں کلیدی کردار ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ فیفا ورلڈ کپ میں پاکستان کا بنا ہوا فٹ بال استعمال ہوگا، سپورٹس کی برآمدات 3 ارب ڈالر سے تجاوز کرچکی ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر 17 ارب ڈالر سے زائد ہیں، جون کے آخر تک زرمبادلہ کے ذخائر 18 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گی۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم، حجم 252 ملین ڈالر ہو، ان پر خزانہ نے بتایا کہ رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 3 لاکھ تک پہنچ چکی ہے، 39 ہزار نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، فری لانسرز کا حصہ ایک ارب ڈالر تک پہنچ رہا ہے، مینوفیکچرنگ کے 22 میں سے 16 شعبوں میں بہتری آئی، مالی خسارہ کم ہوکر جی ڈی پی کا صرف 7.0 فیصد رہ گیا۔ انہوں نے بتایا کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم ہوکر 252 ملین ڈالر رہ گیا، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں سرمایہ کاری 7.12 ارب ڈالر تک پہنچ گئی، پانڈا بانڈ کا کامیاب اجراء کیا گیا، ٹیکس محصولات میں 3.11 فیصد اضافہ ہوا، وزیر اعظم برآمدات کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ شرح خواندگی 63 فیصد ہوگئی محمد اورنگزیب نے بتایا کہ درآمدات میں کمی ہماری ترجیح ہے، زرعی قرضوں میں 15 فیصد اضافہ ہوا ہے، ملک میں شرح خواندگی 63 فیصد ہوگئی ہے، صنعتوں کیلئے بجلی سستی کی گئی، صنعتی ٹیرف سے کراس سبسڈی ختم کی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کے لیے جولائی تا مارچ 2162 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے گئے، غریب خاندانوں کے لیے بی آئی ایس پی کا بجٹ بڑھا کر 5,722 ارب روپے کردیا گیا، پی آئی اے، ایف ڈبلیو ایل اور ڈسکوز سمیت سرکاری اداروں کی نجکاری پر کام تیز کیا گیا، وزارتوں کے انضمام اور پی ڈبلیو ڈی سمیت متعدد محکموں کو بند کرنے کے لیے رائٹ سائزنگ شروع کی گئی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت معاشی اصلاحات، مالیاتی نظم وضبط، سرمایہ کاری کے فروغ اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی تاکہ ملکی معیشت کو مزید مستحکم بنیادوں پر استوار کیا جا سکے۔ قومی اقتصادی سروے رپورٹ قومی اقتصادی سروے کے مطابق زرعی شعبے میں گروتھ کا ہدف 5.4 فیصد کی بجائے ترقی کی شرح 8.2 فیصد رہی، فصلوں کیلئے ترقی کا ہدف 5.3 فیصد تھا جبکہ شرح نمو 4.2 فیصد رہی ہے، لائیوسٹاک کیلئے ترقی کا ہدف 2.4 فیصد تھا جبکہ شرح نمو 7.3 فیصد ہے۔ جنگلات کیلئے ترقی کا ہدف 5.3 فیصد تھا، شرح نمو 2 فیصد ہے، ماہی گیری کیلئے ترقی کا ہدف 3 فیصد تھا جبکہ شرح نمو 6.1 فیصد رہی، صنعت کیلئے ترقی کا ہدف 3.4 فیصد تھا جبکہ شرح نمو 5.3 فیصد رہی۔ معدنیات کیلئے ترقی کا ہدف 3 فیصد تھا جبکہ اس کی شرح نمو 38.0 فیصد ہے، پیداواری شعبے کیلئے ترقی کا ہدف 7.4 فیصد تھا جبکہ شرح نمو 6.6 فیصد رہی، بڑی صنعتوں کیلئے ترقی کا ہدف 5.3 فیصد تھا جبکہ شرح نمو 1.6 فیصد رہی۔ چھوٹی صنعتوں کیلئے ترقی کا ہدف 9.8 فیصد تھا جبکہ ترقی کی شرح 5.8 فیصد رہی، بجلی گیس اور واٹر سپلائی کی نمو کا ہدف 5.3 تھا لیکن گروتھ منفی ریکارڈ ہوئی، بجلی گیس و واٹر سپلائی میں 10 فیصد گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

کھوکھر کے مطابق اوگرا نے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 309 روپے فی کلو مقرر کر رکھی ہے، تاہم مارکیٹ میں بعض مقامات پر ایل پی جی 500 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اوگرا اور دیگر متعلقہ حکومتی ادارے سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی فروخت یقینی بنانے میں ناکام ہو چکے ہیں۔ عرفان کھوکھر کا کہنا تھا کہ زائد نرخوں کے باعث روزانہ عوام کی جیبوں سے اربوں روپے نکلوائے جا رہے ہیں اور صارفین مہنگی ایل پی جی خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ ادارے فوری کارروائی کرتے ہوئے سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی فراہمی یقینی بنائیں اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

پر انظم آزاد کشمیر، کور کمانڈر راولپنڈی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کو سلامی پیش کی۔ شرکاء نے شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ شہداء کے جسدِ خاکی آبائی علاقوں کو روانہ کر دیے گئے جہاں انہیں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

آئی آرز دوبارہ بحال کرنے کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ حکومتی مؤقف کے مطابق 4 اکتوبر 2025 کے معاہدے میں اس بات پر اتفاق کیا گیا تھا کہ تمام معاملات عملدرآمد کمیٹی کے ذریعے حل کیے جائیں گے اور فریقین طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مسائل کے حل کے لیے اقدامات کریں گے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ سڑکوں پر آکر احتجاج کرنا، دباؤ ڈالنا اور انتشار کی فضا پیدا کرنا معاہدے کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ حکام کے مطابق حالیہ اقدامات معاہدے کی روح کے منافی ہیں، جس کے باعث پہلے ختم کیے گئے مقدمات کو دوبارہ فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ معاہدے کی خلاف ورزی کے بعد جن مقدمات کو پہلے واپس لیا گیا تھا یا ختم کیا گیا تھا، انہیں معاہدے کی شرائط کے مطابق ہی دوبارہ بحال کیا گیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت 177 ایف آئی آرز دوبارہ نافذ العمل ہوں گی۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

متی رکن اپنی پیش کردہ ترمیم کی وضاحت نہ کر سکیں۔ بعد ازاں وفاقی وزیر آئی ٹی نے ہما اختر چغتائی کی جانب سے پیش کردہ ترمیم کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اپیلیٹ ٹریبونل کے جج کی ریٹائرمنٹ کی عمر کی حد کو تبدیل کیا جا رہا ہے۔ پیپلز پارٹی کے سید نوید قمر کی جانب سے پیش کردہ ترامیم بھی منظور کر لی گئیں، سید نوید قمر نے پی ٹی آئی ری آرگنائزیشن ترمیمی بل 2025ء میں 3 ترامیم پیش کیں۔ سید نوید قمر نے کہا کہ فائبر جی فائبر کیبل بچھانے کے لیے رائٹ آف وے سے متعلق تنازعات سامنے آئیں گے، اس لیے ان تنازعات کے حل کے اختیارات صوبائی اور متعلقہ حکومتوں کو دیے جائیں۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق تنازعات کے حل کے لیے عائد جرمانوں کی حد بھی مقرر کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

وَ اور بچوں میں غذائی کمی کے خطرات بڑھ سکتے ہیں۔ دوسری جانب غزہ کی وزارت صحت نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیل 17 ہزار ایسے فلسطینی مریضوں کو بیرون ملک علاج کے لیے جانے سے روک رہا ہے جنہیں فوری طبی امداد درکار ہے۔ وزارت صحت کے قائم مقام سیکریٹری ماہر شامیہ کے مطابق رفح کراسنگ کی مسلسل بندش اور طبی انخلا کے محدود مواقع کے باعث مریض شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ غزہ کا صحت کا نظام جنگ کے باعث تقریباً تباہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ مریضوں کی آزادانہ نقل و حرکت یقینی بنانے کے لیے اسرائیل پر دباؤ ڈالا جائے۔ ادھر ایک نئی تحقیقاتی دستاویزی فلم میں اسرائیلی حراستی مراکز میں فلسطینی قیدیوں کے ساتھ مبینہ جنسی، جسمانی اور نفسیاتی تشدد کے سنگین الزامات سامنے آئے ہیں۔ سابق فلسطینی قیدیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ دوران حراست انہیں برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنایا گیا، آنکھوں پر پٹیاں باندھی گئیں اور بعض مواقع پر کتوں کو بھی خوفزدہ کرنے اور تشدد کے لیے استعمال کیا گیا۔ اقوام متحدہ اور متعدد انسانی حقوق کی تنظیمیں پہلے ہی فلسطینی قیدیوں کے ساتھ بدسلوکی سے متعلق رپورٹس جاری کر چکی ہیں، جبکہ بین الاقوامی سطح پر ان الزامات کی آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوٹریس نے اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ غزہ کی تمام سرحدی گزرگاہیں فوری طور پر کھولی جائیں اور انسانی امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی یقینی بنائی جائے۔ مبصرین کے مطابق اگر امدادی راستے بحال نہ کیے گئے اور مریضوں کی نقل و حرکت پر عائد پابندیاں برقرار رہیں تو غزہ میں پہلے سے موجود انسانی المیہ مزید گہرا ہوسکتا ہے، جس کے اثرات لاکھوں بے گناہ شہریوں، خصوصاً بچوں، خواتین، بزرگوں اور بیمار افراد پر مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

مونال ریسٹورنٹ مسمار کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کی حمایت کر دی۔ وفاقی آئینی عدالت نے مونال ریسٹورنٹ مسمار کرنے کے سپریم کورٹ فیصلے پر سوالات اٹھا دیے، جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ سپریم کورٹ فیصلے کے مطابق جانوروں کے حقوق ہیں لیکن انسانوں کے نہیں۔ دورانِ سماعت جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ مونال کی لیز تجدید کا کیس سول کورٹ میں زیر التواء تھا، کچھ ریسٹورنٹس کی انٹرا کورٹ اپیلیں بھی ہائی کورٹ میں زیر التواء تھیں۔ وکیل مونال ریسٹورنٹ نے کہا کہ سپریم کورٹ نے ایک فیصلے سے تمام عدالتوں میں زیر التواء کیسز نمٹانے کا حکم دیدیا، جسٹس حسن رضوی نے استفسار کیا کہ متعلقہ فریقین کو سننے کا نکتہ سپریم کورٹ میں کیوں نہیں اٹھایا؟ سپریم کورٹ میں تمام وکیل کیوں گونگے ہوگئے تھے؟ وکیل احسن بھون نے کہا کہ ہم تو یہاں بھی ادب سے کھڑے ہیں جیسے سپریم کورٹ کھڑے تھے، جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ وکیل کا کام قانونی نکات اٹھانا ہے ادب سے درباری کھڑے ہوتے ہیں، سی ڈی اے کی نظر ثانی درخواست میں ٹھوس نکات تو اٹھائے ہی نہیں گئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ وائلڈ لائف بورڈ کا نیا قانون 2024 میں آچکا ہے، تمام وکلاء کا اتفاق ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے، احسن بھون نے کہا کہ تمام فریقین متفق ہیں کہ گینگ کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے تحقیقات جاری ہیں اور مقدمے کی تفتیش کا دائرہ کار بڑھانے کے لیے NCCI سے بھی رابطہ کیا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق خواتین اور بچوں کے استحصال یا زیادتی میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے اور قانون شکنی میں ملوث کسی بھی شخص کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

ت کی ہے، اس موقع پر وزیر خزانہ نے اکنامک سروے کی کاپی وزیرِ اعظم کو پیش کی۔ واضح رہے کہ قومی اقتصادی سروے کے مطابق کئی شعبوں میں معاشی اہداف حاصل نہیں ہو سکے ہیں، قومی اقتصادی سروے باضابطہ طور پر آج جاری کیا جائے گا۔ خیال رہے کہ قومی اقتصادی کونسل سے خطاب میں وزیرِ اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بجٹ کے حوالے سے صوبوں کے ساتھ کئی ہفتوں سے مشاورت جاری ہے، صوبوں کے ساتھ مزید وسائل پیدا کرنے کے حوالے سے مشاورت ہوئی، جی ڈی پی میں تیزی کے لیے ایسے اقدامات کرنے ہوں گے جس سے برآمدات میں اضافہ ہو۔ وزیرِ اعظم کا کہنا تھا کہ معیشت میں میکرو لیول پر بہتری آئی ہے لیکن ابھی مزید محنت کرنے کی ضرورت ہے، ٹیم ورک کے طور پر پاکستان کے بہترین مفاد میں فیصلے کیے، ملکی معیشت کو بڑے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا، مشکلات کے باوجود کوشش کی کہ آئی ایم ایف پروگرام پر عمل پیرا رہیں، کل رات ایم ڈی آئی ایم ایف سے بات کی، انہوں نے پاکستان کی مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

سیکیورٹی بحران سنگین ہونے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں جاری رہنے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق عالمی دہشت گرد تنظیمیں تاحال افغان سرزمین پر اپنی پوری عسکری اور جنگی صلاحیتوں کے ساتھ کھلے عام سرگرم ہیں، پاکستان نے 1 2 فروری کو ننگرہار اور پکتیکا میں فضائی حملے کرکے فتنہ الخوارج اور داعش کے ٹھکانوں کو تباہ کردیا۔ طالبان رجیم پاکستان مخالف دہشت گرد گروہوں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہا، پاکستان کو مجبوراً یہ قدم اٹھانا پڑا، پاکستان نے اسلام آباد مسجد پر ہونے والے خودکش حملے کا جواب دیتے ہوئے القاعدہ کا اہم کمانڈر جہنم واصل کیا۔ پاکستان نے 26 فروری کو افغان طالبان کے خلاف آپریشن غضب للحق کا آغاز کیا جس میں عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، پاکستان کے ساتھ سرحدی بندش سے افغان تجارت میں 90 فیصد سے زائد کمی کی ہوئی اور ٹرانسپورٹ لاگت میں 30 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق 29 لاکھ افغان شہریوں کی واپسی کے بعد طالبان رجیم لیبر مارکیٹ، رہائش اور بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہوگیا، افغانستان میں سیکیورٹی بحران سنگین

معروف آئی سرجن محمد خالد شیخ کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی گئی

ڈاکٹر محمد رفیق شیخ کی قیادت میں دوست احباب نے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے

شہدادپور(رپورٹ ڈاکٹر محمد رفیق شیخ)"شہدادپور ہیروز" کی جانب سے سابق کلاس فیلو، منیجمنٹ کمیٹی کے سینئر وائس پریزیڈنٹ اور معروف آئی سرجن ڈاکٹر محمد خالد شیخ کو حج کی سعادت حاصل کرنے کی خوشی میں گروپ کے روح رواں، سندھ جرنلسٹ ویلفیئر فاؤنڈیشن (SJWF) سندھ کے چیئرمین ڈاکٹر محمد رفیق شیخ کی قیادت میں رانا دلشاد راجپوت، ڈاکٹر محمد اکرم راجپوت، محمد انور آرائیں، سید علی ہاشمی، محمد قاسم ملک، حبیب احمد حسنات اور ڈاکٹر محمد اکرام راجپوت کے صاحبزادے نے ان کی رہائشگاہ پہنچ کر حج کی سعادت حاصل کرنے کی خوشی میں مبارکباد پیش کرتے ہوئے پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد خالد شیخ نے حج کے دوران کی مبارک ساعتوں کے بارے میں دوستوں کو تفصیل سے بتایا۔ بعد ازاں فیضان ہومیو پیتھک کلینک اینڈ اسٹور کے سامنے باہر بیٹھ کر پرانی یادوں پر مبنی کچہری میں مصروف رہے اور حال احوال رات دیر تک جاری رہا۔ اس موقع پر دیگر دوست ارشد بیگ، ڈاکٹر مشتاق مغل، لیاقت علی ملک، محمد آفتاب شیخ اور شوکت علی ملک سے بھی ملاقات ہوئی۔

سینیر صحافی محمد اسماعیل خلجی کو ٹاؤن آفیسر کی جانب سے دھمکیوں کی شدید مذمت کی گئی

میرواہ ٹاؤن آفیسر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے ڈاکٹر محمد رفیق شیخ صغیر احمد راجپوت ودیگر صحافیوں کا مطالبہ

شہدادپور(نمائندہ خصوصی)سندھ جرنلسٹ ویلفیئر فاؤنڈیشن (SJWF) سندھ کے چیئرمین ڈاکٹر محمد رفیق شیخ ودیگر عہدیداران صغیر احمد راجپوت، منصور بیگ، رانا شاہد خلیل، ڈاکٹر ممتاز قریشی، عادل مغل، رانا مختیار، فرید مغل، انور علی شیخ، راؤ طاہر علی، محمد علی شیخ، اکرم بیگ، ساجد علی قائخانی، سید امیرالدین امیر، محمد فیضان شیخ، سہیل احمد صدیقی، منور علی شاہین، ارشد علی راجپوت، شرافت علی شیخ، ندیم اقبال آرائیں، حافظ عبدالرحمٰن شیخ، ملک عبدالرزاق، شاہ محمد شیخ ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں سینئر صحافی محمد اسماعیل خلجی کو میرواہ ٹاؤن آفیسر کی جانب سے توہین آمیز کلمات کہنے اور دھمکیاں دینے کی سخت الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے بالا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ میرواہ ٹاؤن آفیسر کی جانب سے دھمکیاں دینے کی محکمانہ تحقیقات کرائی جائے اور کرپٹ آفیسر کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔

مقامی رپورٹرز کے درمیان خبر نگاری کا مقابلہ

منصفین شہباز مرزا ارمان ادریس چٹھہ اور سرانتظار علی کندل بارہ جون کو نتائج کا اعلان کریں گے

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) روزنامہ حرف اول نیوز کے زیر اہتمام مقامی رپورٹرز کے درمیان خبر نگاری کا مقابلہ منصفین شہباز مرزا ارمان ادریس چٹھہ اور سرانتظار علی کندل بارہ جون کو نتائج کا اعلان کریں گے خبر نگاری کے مقابلہ کے آرگنائزر شبیر حسین ناز نے مقابلہ میں حصہ لینے والے رپورٹرز شیر افضل چدھڑ میاں کلیم جہانگیر نمبردار میاں طیب ذوالفقار علی سندھو مرزا شہزاد ندیم مغل رانا مدثر حسین خرم شہزاد رضوی طارق محمود ڈاکٹر محمد افضل اور قیصر رضا کی ارسال کردہ خبروں کو منصفین کے حوالے کر دیا مقابلہ کے منصفین خبروں کے مطالعہ کے بعد نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے رپورٹرز کے ناموں کا اعلان کریں گے مقابلہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے رپورٹرز کو بیٹ پرفارمینس ایوارڈ سے نوازا جائے گا

اوکاڑہ محرم انتظامات ڈی سی ڈی پی او دورہ

جلوس روٹس سیکیورٹی ہیلتھ کیمپس اور بجلی فراہمی کی ہدایات جاری فوری

اوکاڑہ(نوید طارق بلوچ سے)※ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کا محرم الحرام انتظامات کے لیے حجرہ شاہ مقیم اور شیر گڑھ کا دورہ، دونوں افسران نے محرم الحرام کے مرکزی جلوسوں کے روٹس اور امام بارگاہوں میں عزاداروں کے لیے بہترین انتظامات کی تیاریوں کی ہدایات جاری کیں اور عزاداروں کے لیے ہیلتھ کیمپس، سبیلوں کے قیام اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے احکامات دیے۔ انہوں نے جلوس کے راستوں پر صفاءی ستھراءی اور پانی کے چھڑکاؤ کے بھی احکامات بھی دیے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ محرم الحرام کے سلسلہ میں مذہبی عقیدت واحترام کو فروغ دیا جاءے اور مجالس اور جلوسوں کے پرامن انعقاد کے لیے تمام محکمے الرٹ رہیں۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لیے بہترین سیکیورٹی کور فراہم کیا جاءے گا اور ضابطہ اخلاق پر سختی سے عمل درآمد کرایا جاءے گا۔

میکسیکو میں فیفا ورلڈ کپ 2026 شاندار آغاز ہوا

پاکستانی وفد کی شرکت عالمی فٹبال قیادت سے اہم ملاقاتیں جاری رہیں

میکسیکو (پی پی اے) میکسیکو سٹی میں رنگا رنگ تقریب کے ساتھ فیفا ورلڈ کپ 2026 کا شاندار آغاز عالمی فٹ بال کا میلہ سج گیا صدر پی ایف ایف سید محسن گیلانی کی قیادت میں 2 رکنی پاکستانی وفد کی فیفا ورلڈ کپ کی افتتاحی تقریب اور آفیشل ڈنر میں شرکت پاکستانی وفد میں صدر پی ایف ایف سید محسن گیلانی اور چیف آپریٹنگ آفیسری او اوشاہد نیاز کھوکھر شامل امریکی براعظم میں فٹ بال کے سب سے بڑے ورلڈ کپ کا آغاز افتتاحی تقریب میں دنیا بھر کی فٹ بال قیادت کی شرکت تاریخ کے سب سے بڑے عالمی ایونٹ کی میزبانی یادگار اور مثالی انداز میں کریں گے صدر میکسیکو کا عزم صدر میکسیکو کا بیان فیفا ورلڈ کپ 2026 کو تاریخی طور پر کامیاب بنانے کے لیے تمام تر وسائل اور کوششیں بروئے کار لائیں گے فیفا صدر جیانی انفینٹینو کا شاندار افتتاحی تقریب اور غیر معمولی عزم پر صدر میکسیکو سے اظہارِ تشکر فیفا صدر نے ورلڈ کپ کے شریک میزبان ممالک امریکہ اور کینیڈا کا بھی شاندار انتظامات پر شکریہ ادا کیا یہ تاریخ کا سب سے بڑا اور بہترین ورلڈ کپ ہوگا جو فٹ بال شائقین کو سحر زدہ کردے گا فیفا صدر جیانی انفینٹینو فیفا ورلڈ کپ کے موقع پر پاکستانی وفد کی دیگر ممالک کی فٹ بال ایسوسی ایشنز کے حکام سے اہم ملاقاتیں صدر پی ایف ایف سید محسن گیلانی کی عالمی فٹ بال قیادت سے باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو

پنجاب میں محرم الحرام دفعہ 144 نافذ سخت پابندیاں

جلوسوں اسلحہ سوشل میڈیا ڈبل سواری پر پابندی سخت کارروائی اعلان

لاہور (پی پی اے) حکومتِ پنجاب نے محرم الحرام کے دوران امن وامان، مذہبی ہم آہنگی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی ہے محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق یکم سے 10 محرم الحرام تک مختلف پابندیاں نافذ العمل رہیں گی جبکہ ڈبل سواری پر پابندی 9 اور 10 محرم کو ہوگی محکمہ داخلہ کے جاری کردہ احکامات کے مطابق محرم کے جلوسوں اور مجالس میں کسی بھی نئی روایت یا اختراع کی اجازت نہیں ہوگی مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر عوامی مقامات پر اسلحہ آتش گیر مواد اور دیگر خطرناک اشیا کی نمائش پر پابندی عائد کر دی گئی ہے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ فرقہ وارانہ یا نسلی منافرت پھیلانے اشتعال انگیز نعروں بیانات اشاروں اور سوشل میڈیا سمیت کسی بھی ذریعے سے مذہبی جذبات مجروح کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی محرم کے جلوسوں کے راستوں پر واقع عمارتوں کی چھتوں پر مورچے بنانے پتھر اینٹیں بوتلیں یا دیگر اشیا جمع کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے اسی طرح جلوسوں کے دوران راستوں میں واقع عمارتوں کی چھتوں اور دکانوں کے تھڑوں پر بطور تماشائی موجودگی بھی ممنوع ہوگی محکمہ داخلہ کے مطابق بزرگ شہریوں خواتین اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کے علاوہ 9 اور 10 محرم کو ڈبل سواری پر پابندی نافذ رہے گی سیکرٹری داخلہ پنجاب نے یہ احکامات ضابطہ فوجداری 1898 کے سیکشن 144 (6) کے تحت جاری کیے ہیں ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کا کہنا ہے کہ دفعہ 144 کا نفاذ محرم الحرام کے دوران امن بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے لیے کیا گیا ہے جبکہ تمام متعلقہ اداروں کو پابندیوں کے بارے میں عوامی آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت جاری کر دی گئی ہے

پاکستان میں کھیلوں کے فروغ پر اہم ملاقات ہوئی

ڈی جی سپورٹس اور علی ریکی میں ترقیاتی امور پر گفتگو

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد 11 جون 2026 بلوچستان ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن کے صدر و بلوچستان کے سینئر صحافی و الیکٹرانک میڈیا کے اینکر پرسن علی احمد ریکی نے آج پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاور حسین سے ان کے آفس میں ملاقات کی اور چارج سنبھالنے پر مبارکباد دی بلوچستان ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن کے صدر و سینیر صحافی اور الیکٹرانک میڈیا کے اینکر پرسن ڈائریکٹر جنرل پاکستان سپورٹس بورڈ کے آفس پہنچنے پر ڈی جی یاور حسین ان کا استقبال کیا اس موقع پر علی احمد ریکی نے ڈی جی پی ایس بی یاور حسین کو پھول کا گلدستہ پیش کی اور مبارکباد دی ملاقات کے دوران انہوں نے پاکستان میں کھیلوں کی سرگرمیوں و مسائل اور فروغ کے لیے مثبت بات چیت کی انہوں نے یاور حسین ڈی جی سپورٹس کی بلوچستان میں سروس کے دوران خدمات کو بھی سراہا اور بلوچستان میں کھیلوں کی سرگرمیوں اور ناانصافیوں کے بارے میں ذکر کیا اس موقع پر علی احمد ریکی نے کہا کہ پاکستان میں کھیلوں کی فروغ اور ترقی کے لیے پاکستان سپورٹس بورڈ کے چارٹر ائین اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے پالیسی پر مکمل طور پر قومی فیڈریشنز عمل پیرا ہو کر کھیلوں کی ترقی ممکن ہے موجودہ حالات میں فیڈریشنز نے سالانہ گرانٹ ان ہیڈ سے اپنے کچن کیبنٹ بنا کر پاکستان کے عوام کے ٹیکسوں کے جمع شدہ رقوم کو اپنے ذاتی استعمال کے لیے خرچ کر رہے ہیں جس کے لیے ہم سب پاکستان کی ائین دستور اور پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ائین و سپورٹس پالیسی پر عمل کرتے ہوئے بلوچستان کے پسماندہ صوبے میں کھیلوں کی فروغ اور نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے کوشاں ہیں اس موقع پر انہوں نے ڈی جی سپورٹس کو بلوچستان کوئٹہ انے کی دعوت بھی دی کہ کوئٹہ میں وقت اور حالات کے تناظر میں پسماندہ صوبے میں کھیلوں کی فروغ اور ترقی کے لیے پی ایس بی کا اہم کردار ہے ڈی جی سپورٹس یاور حسین نے کہا کہ واقعی پاکستان کے نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے پاکستان سپورٹس بورڈ کے ائین اور سپورٹس پالیسی کے تحت عمل درامد کی جائے گی اور انہیں قومی دہارے میں شامل کر کے کیھلوں کی ترقی ممکن ہے تاکہ صوبوں اور ملک کے ابھرتے ہوئے نوجوان بین الاقوامی سطح پر کھیلوں کا سطح بلند کرے اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا سبز ہلالی پرچم بلند کرے

ہیلی کاپٹر حادثہ میں پاک فوج کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں شوکت علی فریدی

آل ورلڈ آرائیں برادری ضلع وہاڑی شہداء کے خاندانوں کے ساتھ اظہار تعزیت کرتی ہے



وہاڑی (ڈسٹرکٹ بیورو چیف) آل ورلڈ ارائیں برادری ضلع وہاڑی حالیہ افسوس ناک واقعہ میں شہید ہونے والے فوج کے جوانوں کے خاندانوں کے ساتھ اظہار تعزیت کرتی ہے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعاگو ہے اس افسوسناک واقعے میں MI-17 ہیلی کاپٹر کے حادثے کے دوران پاک فوج کے 2 پائلٹس سمیت 21 جوان جامِ شہادت نوش کر گئے۔ شہداء میں کرنل امجد لطیف (21 ایوی ایشن اسکواڈرن) اور میجر حافظ ماجد (21 ایوی ایشن اسکواڈرن) شامل ہیں، جو MI-17 ہیلی کاپٹر کے پائلٹس تھے۔ اس کے علاوہ میجر عثمان (SOW) اور مجموعی طور پر 19 دیگر جوان بھی اس حادثے میں شہید ہو گئے۔ یہ سانحہ دفاعِ وطن کی ڈیوٹی کے دوران پیش آیا، جس نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا ہے۔ شہداء کی قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے اہلِ خانہ کو صبر جمیل دے۔ دعا گو شوکت علی فریدی الراعی سرپرست اعلیٰ آل ورلڈ ارائیں برادری ضلع وہاڑی

سعدیہ جعفر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کا سب انجینئر محمد کبیر، اور چیف سینٹری انسپکٹر چوہدری محمد یوسف کا محرم الحرام کے جلوس کے روٹ کا دورہ،



ڈسکہ (عشرت انصاری) محرم الحرام انتظامات کے سلسلے اسسٹنٹ کمشنر سعدیہ جعفر، سب انجینئر محمد کبیر اور چیف سینٹری انسپکٹر چوہدری یوسف نے محرم الحرام جلوسوں کے روٹس کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر بلدیات کی ہدایت کے مطابق جلوس کے روٹ بن والا محلہ میں لٹ ٹائل کا کام فوری شروع کروا دیا گیا۔ جو محرم الحرام کے آغاز تک مکمل کر لیا جائے گا۔ دورے کے دوران سیکیورٹی، صفائی ستھرائی، لائٹنگ، تجاوزات اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ "ستھرا پنجاب" پروگرام کے تحت جلوسوں کے روٹس پر گہری صفائی (Deep Cleaning) کا عمل شروع کر دیا گیا ہے تاکہ عزاداروں کو صاف اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر روٹس کے معائنے کے دوران نشاندہی کیے گئے لٹکتے ہوئے بجلی کے تاروں کا ڈیٹا بھی مرتب کر کے ایکسین کیپکو کو ارسال کر دیا گیا ہے تاکہ محرم الحرام سے قبل ضروری مرمتی اور حفاظتی اقدامات بروقت مکمل کیے جا سکیں۔ انتظامیہ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ تمام انتظامات کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے تاکہ مجالس اور جلوسوں کا انعقاد پرامن اور محفوظ ماحول میں یقینی بنایا جا سکے،،

اوکاڑہ کینٹ میں ہوٹلوں پر اچانک معائنہ سخت کارروائی

سخت کارروائی مضر صحت خوراک برآمد جرمانے عائد مالکان کو وارننگ جاری

اوکاڑہ(نوید طارق بلوچ سے)※ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کینٹ کی خصوصی معاءنہ ٹیم نے اوکاڑہ کینٹ میں قاءم مختلف ریسٹورنٹس، ہوٹلز، پیزا آ※¶ ٹ لیٹس اور سویٹس شاپس کا اچانک معاءنہ کیا۔ معاءنے کے دوران حفظانِ صحت کے اصولوں، خوراک کے معیار اور صفاءی ستھراءی کے انتظامات کا تفصیلی جاءزہ لیا گیا۔ معاءنہ کے دوران متعدد مقامات سے غیر معیاری، مضرِ صحت اور زاءد المعیاد فوڈ آءٹمز برآمد ہوءیں جنہیں موقع پر ہی ضبط کر لیا گیا۔ خلاف ورزی کے مرتکب فوڈ مراکز کے مالکان کو مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق جرمانے بھی عاءد کیے گءے اور انہیں سختی سے ہدایت کی گءی کہ وہ خوراک کے معیار اور صفاءی کے حوالے سے تمام قانونی تقاضوں پر عمل درآمد یقینی بناءیں۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر اوکاڑہ کینٹ کے مطابق عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی بورڈ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس سلسلے میں مختلف فوڈ پواءنٹس کی باقاعدگی سے نگرانی اور اچانک معاءنے جاری رہیں گے تاکہ شہریوں کی صحت کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر نے مزید کہا کہ حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جاءے گی اور آءندہ بھی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروءی عمل میں لاءی جاءے گی۔

اوکاڑہ پولیس کریک ڈاؤن شراب اسلحہ برآمد مقدمات درج

پانچ ملزمان گرفتار بھاری مقدار شراب ناجائز اسلحہ کارروائی جاری سخت

اوکاڑہ(نوید طارق بلوچ سے)※ تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے پانچ افراد سے بھاری مقدار میں شراب اور ناجاءز اسلحہ برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لءے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ کے ایس ایچ او غلام رسول نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش معظم سے 20 لیٹر شراب، عثمان سے 18 لیٹر شراب، وقار سے 30 بور پسٹل، زبیر سے 30 بور پسٹل اور علی رضا سے 30 بور پسٹل برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لءے ہیں۔

راولپنڈی میں 45 روزہ سوئمنگ سمر کیمپ افتتاح

بچوں کو جدید تیراکی تربیت ماہر کوچز نگرانی میں فراہم ہوگی

راولپنڈی(پی پی اے)سپورٹس کمپلیکس لیاقت باغ مری روڈ راولپنڈی میں 45 روزہ سوئمنگ سمر کیمپ 2026 کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب کی مہمانِ خصوصی رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب تھیں جنہوں نے فیتہ کاٹ کر کیمپ کا افتتاح کیا اور انتظامات کا جاءزہ بھی لیا ڈسٹرکٹ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کے زیر اہتمام سوئمنگ سمر کیمپ 10 جون سے 25 جولائی 2026 تک جاری رہے گا جس میں 4 سے 18 سال عمر کے بچوں اور بچیوں کو تیراکی کی جدید تربیت فراہم کی جائے گی شرکاء کو ماہر کوچز اور تربیت یافتہ لائف گارڈز کی نگرانی میں نہ صرف تیراکی کی تکنیکی مہارتیں سکھائی جائیں گی بلکہ پانی میں حفاظت اور جسمانی فٹنس کے اصولوں سے بھی آگاہ کیا جائے گا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے طاہرہ اورنگزیب نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے کھیلوں کا فروغ ناگزیر ہے اور نوجوان نسل کو مثبت تعمیری اور صحت افزا سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں بچوں اور نوجوانوں کو کھیلوں کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکیں

حلقہ کے عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی

حاجی عمر شریف اپنے والد کے نقش قدم پر چل کر عملی میدان میں سرگرم ہو گئے

ڈسکہ (عشرت انصاری) یونین کونسل حق پورہ میں خدمت اور عوامی فلاح کی روایات کو برقرار رکھنے کے لیے مرحوم صوفی محمد شریف کے فرزند حاجی عمر شریف اپنے والد کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے عملی میدان میں سرگرم ہو گئے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ مرحوم صوفی محمد شریف نے ہمیشہ عوامی خدمت، بھائی چارے اور فلاحی کاموں کو ترجیح دی، جس کے باعث انہیں علاقے میں عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ علاقہ کے عوام کے مطابق حاجی عمر شریف بھی اپنے والد کی طرح عوامی مسائل کے حل، سماجی خدمات اور فلاحی سرگرمیوں میں بھرپور دلچسپی لے رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ نوجوان قیادت کا خدمت کے جذبے کے ساتھ آگے آنا علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے خوش آئند ہے۔ مقامی افراد نے امید ظاہر کی ہے کہ حاجی عمر شریف اپنے والد مرحوم کی عوامی خدمت کی روشن روایات کو مزید آگے بڑھائیں گے اور یونین کونسل حق پورہ کی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔

سانگلہ ہل: کسان کارڈ ریکوری مہم سو فیصد کامیابی سے مکمل، زراعت آفیسر

فیلڈ ٹیم کی محنت، باہمی تعاون اور فرض شناسی قابلِ ستائش قرار، گفتگو

سانگلہ ہل (بیورو چیف)محکمہ زراعت (توسیع) سانگلہ ہل کی جانب سے جاری کسان کارڈ ریکوری مہم سو فیصد کامیابی کے ساتھ مکمل کر لی گئی۔ اس موقع پر زراعت آفیسر سانگلہ ہل محمد منیب نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم، فیلڈ عملے کی انتھک محنت، لگن اور ذمہ داری کے احساس کے باعث یہ اہم ہدف مکمل طور پر حاصل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہم کی کامیابی محکمہ زراعت کی پوری فیلڈ ٹیم کے باہمی تعاون، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور فرض شناسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ کسان کارڈ ریکوری مہم کی تکمیل پر تمام فیلڈ سٹاف اور متعلقہ عملہ مبارکباد اور خراجِ تحسین کا مستحق ہے جنہوں نے دن رات محنت کر کے اس قومی ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھایا۔ تمام فیلڈ سٹاف مبارکباد کا مستحق، ہے۔ کسانوں کی خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دینے کی دعا کرتے ہوئے محمد منیب نے اپنے پیغام میں کہا کہ تمام افسران اور اہلکاروں کی کاوشیں قابل ستائش ہیں اور انہی کی محنت سے یہ نمایاں کامیابی ممکن ہوئی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام عملے کی محنت کو شرف قبولیت عطا فرمائے، مزید کامیابیاں نصیب کرے اور انہیں اسی جذبے، دیانتداری اور اخلاص کے ساتھ کسان برادری کی خدمت جاری رکھنے کی توفیق دے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت سانگلہ ہل کی ٹیم نے جس جذبۂ خدمت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائقِ تحسین ہے اور پوری ٹیم اس شاندار کامیابی پر مبارکباد کی مستحق ہے۔

مقامی صحافی خرم شہزاد رضوی کی بھانجی رضائے الٰہی سے وفات پا گئیں خدا درجات بلند فرمائے

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) مقامی صحافی خرم شہزاد رضوی کی بھانجی رضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں وہ لاہور چلڈرن ہسپتال میں زیر علاج تھیں خدا درجات بلند فرمائے اور والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے اناللہ وانا الیہ راجعون بے شک ہر ایک نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

ملک محمد وارث کے صاحبزادے ملک ولید کی منگنی کی تقریب منعقد ہوئی

تقریب میں قریبی عزیز واقارب ودوست احباب نے شرکت کی

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف سیاسی و سماجی شخصیت ملک محمد وارث کے صاحب زادے ملک ولید کی منگنی کی تقریب مقامی نجی ہال میں منعقد ہوئی جس میں قریبی عزیز واقارب ودوست احباب نے شرکت کی اور انھیں مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا

ڈی پی او اوکاڑہ کی کھلی کچہری عوام امید

شہریوں کی بڑی شرکت مسائل سنے گئے فوری احکامات جاری یقینی بنائی

دیپال پور(وقاص بھٹی سے)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے تھانہ گوگیرہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل اور شکایات براہِ راست سنے اور ان کے قانونی ومیرٹ پر مبنی حل کے لیے متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ دینا، شہریوں کی دہلیز پر پہنچ کر ان کے مسائل سننا اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اوکاڑہ پولیس عوامی خدمت، شفافیت اور انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے اور شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

اوکاڑہ میں ستھرا پنجاب مہم تیز صفائی آپریشن جاری

شدید گرمی میں بھی صفائی ٹیمیں متحرک شہریوں کو سہولت فراہم کی

اوکاڑہ(نوید طارق بلوچ سے)※ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل بھر میں صفاءی ستھراءی کے خصوصی اقدامات تیزی سے جاری ہیں میٹرنگ ڈاءریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ چوہدری عبدالجبار گجر کی ہدایت پر سارکو چیف ایگزیکٹو آفیسر جہانگیر حسین، پروجیکٹ ڈاءریکٹر ملک حسن سردار اور میٹنگ ڈاءریکٹر ملک زین اشفاق کی سپرویژن میں صفاءی آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے سارکو پروجیکٹ مینیجر وسیم اشرف اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی زیرنگرانی صفاءی ٹیمیں شہر اور دیہی علاقوں میں متحرک ہیں اور سڑکوں، بازاروں، گلی محلوں، گرین بیلٹس، چوکوں اور دیگر عوامی مقامات کی صفاءی ستھراءی کے فراءض سرانجام دے رہی ہیں اس کے ساتھ ساتھ گھر گھر سے کوڑا کرکٹ جمع کرنے کے نظام کو مزید مؤثر اور منظم بنایا گیا ہے تاکہ شہریوں کو بہتر صفاءی سہولیات فراہم کی جا سکیں شدید گرمی اور سخت موسمی حالات کے باوجود ستھرا پنجاب ایجنسی کے ورکرز اپنی ذمہ داریاں بھرپور جذبے کے ساتھ نبھا رہے ہیں صفاءی عملہ روزانہ کی بنیاد پر تمام علاقوں میں صفاءی، کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے سرگرم عمل ہے سارکو انتظامیہ کے مطابق صفاءی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے جدید مشینری اور افرادی قوت کو بروءے کار لایا جا رہا ہے جبکہ تمام سرگرمیوں کی مسلسل مانیٹرنگ بھی کی جا رہی ہے تاکہ صفاءی کے نظام میں بہتری برقرار رکھی جا سکے انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صفاءی ستھراءی کے عمل میں بھرپور تعاون کریں کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کریں تاکہ ستھرا پنجاب مہم کو کامیاب بنایا جا سکے اور عوام کو صاف، صحت مند اور خوشگوار ماحول فراہم ہو۔

ساہیوال میں ٹریفک آگاہی مہم محفوظ پنجاب ویژن جاری

ڈرائیورز کو قوانین روڈ سیفٹی خوش اخلاقی اوورلوڈنگ پر سخت ہدایات جاری

ساہیوال (عامر ظہور سے)وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت ڈی آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب وقاص نذیر صاحب کے احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو صاحب کی ہدایت پر، ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ساہیوال مرزا تنویر بیگ صاحب کی زیرنگرانی میں انسپکٹر ٹریفک ہیڈکوارٹر نذر فریدنے جنرل بس اسٹینڈ، پی ایس وی ڈرائیور حضرات اور اڈہ مالکان کو ٹریفک قوانین، روڈ سیفٹی اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ اس موقع پر ڈرائیور حضرات کو اوورلوڈنگ، اوورچارجنگ، روٹ پرمٹ اور ٹریفک قوانین کی سختی سے پابندی کرنے کی ہدایت کی گئی۔ مزید برآں انہیں تاکید کی گئی کہ مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ ڈرائیونگ کریں تاکہ محفوظ اور منظم ٹریفک نظام کے قیام میں اپنا مؤثر کردار ادا کیا جا سکے

اسلام آباد میں